لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

MEMBER APNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC CERTIFIED

Daily SEHAR

مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ

روزنامہ سحر لاہور

چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

جلد: 19 | منگل 6 اکتوبر 2026ء 14 ربیع الثانی 1448ھ 23 اسوج صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 252

www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com

206. اور جب اسے اس (ظلم وفساد پر) کہا جائے کہ اللہ سے ڈرو تو اس کا غرور اسے مزید گناہ پر اکساتا ہے، پس اس کے لئے جہنم کافی ہے اور وہ یقیناً برا ٹھکانا ہے ○ (سورۃ البقرہ)



صومالیہ میں یرغمال بنائے گئے باقی 3 پاکستانی بھی بحفاظت بازیاب ہو گئے

اسحاق ڈار

یہ تینوں جبوتی میں پاکستانی سفارت خانے کی ٹیم کے ہمراہ عدیس ابابا پہنچ گئے ہیں، تینوں ایتھوپین ایئرلائنز کی کراچی جانے والی پہلی دستیاب پرواز سے پاکستان روانہ ہوں گے، 7 اکتوبر کو آمد متوقع ہے، اسحاق ڈار

پاکستان بحری قزاقوں کے خلاف کارروائی اور بین الاقوامی بحری راستوں کی سلامتی و آزادی کے تحفظ کے لیے دوطرفہ اور کثیر جہتی تعاون مضبوط بنانے کے عزم پر قائم ہے، نائب وزیراعظم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے خوش خبری سنائی ہے کہ صومالیہ میں یرغمال بنائے گئے جہاز پر سوار باقی تین پاکستانیوں کو بھی بحفاظت بازیاب کروالیا گیا ہے۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں کہا کہ ہائی جیک ہونے والے جہاز ایم ٹی آنر 25 کے پاکستانی عملے کے بقیہ 3 ارکان کو بھی (بقیہ نمبر 1)

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی مکہ جوائنٹ ڈیفنس ایگریمنٹ کے اجلاس میں شرکت سے قبل مدینہ منورہ آمد، روضہ رسول ﷺ پر حاضری دی

مدینہ منورہ (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار (بقیہ نمبر 3)

جیٹ فیول کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ، فضائی ٹکٹ مزید مہنگے ہونے کا امکان

ایئرلائنز کی جانب سے فضائی سفر کے ٹکٹ مہنگے کرنے کا عندیہ دیا گیا ہے

یکم اکتوبر سے 3 اکتوبر تک جیٹ فیول کی فی لیٹر قیمت میں مجموعی طور پر 9 روپے 5 پیسے کا اضافہ ہو چکا ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) جیٹ فیول کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کی وجہ سے فضائی ٹکٹوں کی قیمتیں بڑھنے کا امکان ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق جہازوں کے ایندھن جیٹ فیول کی قیمت میں صرف 3 روز کے دوران 9 روپے فی لیٹر سے زائد اضافہ ہوگیا۔ جیٹ (بقیہ نمبر 2)

وزیراعظم نے یورپی یونین کی جی ایس پی پلس اسکیم کے حوالے سے پاکستان کی حمایت پر پولینڈ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اعتماد کا اظہار کیا

پاکستان پولینڈ تعلقات کو مضبوط شراکت داری میں بدلنے کے خواہاں ہیں

وزیراعظم

وزیراعظم محمد شہباز شریف سے پولینڈ کے وزیر، کونسل آف منسٹرز کے رکن اور کوآرڈینیٹر برائے خصوصی خدمات ٹوماش شیمونیاک نے ملاقات کی، جس میں دوطرفہ تعلقات، تجارت، کاروباری روابط اور علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے پولینڈ کے وزیر، کونسل آف منسٹرز کے رکن اور کوآرڈینیٹر برائے خصوصی خدمات ٹوماش شیمونیاک نے ملاقات کی، جس میں دوطرفہ تعلقات، تجارت، کاروباری روابط اور علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا (بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف سے پولینڈ کے وزیر، کونسل آف منسٹرز کے رکن اور کوآرڈینیٹر برائے خصوصی خدمات ٹوماش شیمونیاک ملاقات کرتے ہوئے

نارووال: وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نارووال پبلک سکول میں لیب کا افتتاح کر رہے ہیں

اسلام آباد کام ہو چکا تو تھر والوں کو موقع دیں مزید صوبے حل نہیں

بلاول بھٹو

تھر کی ترقی ہضم نہیں ہو رہی، پورا پاکستان حیران ہے تھر کہاں پہنچ گیا، سیاسی یتیموں کی جماعت کراچی میں نفرت اور تقسیم کی سیاست کرتی ہے

صیہونیت کی سیاست سندھ میں لانے کی کوشش کبھی کامیاب نہیں ہوگی، ہم نفرت کی سیاست ختم کر دیں گے، تھر ترقی کرتا رہے گا

تھرپارکر (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ سسٹم ناکام ہوگیا تو مزید صوبے بنانے کی منطق سمجھ نہیں آئی، اسلام آباد ناکام ہو چکا ہے تو اسے تھرپارکر والوں کے حوالے کر دیں۔ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو (بقیہ نمبر 33)

چیئرمین سینیٹ کے بیرون ملک دورہ کے دوران ڈپٹی چیئرمین قائم مقام چیئرمین کے فرائض سرانجام دیں گے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کے سرکاری دورہ بیرون ملک کے دوران ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر قائم مقام چیئرمین سینیٹ (بقیہ نمبر 10)

سلمان اکرم نے محسن نقوی کا مذاکرات سبوتاژ کرنے کا الزام مسترد کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل (بقیہ نمبر 9)

پختونخوا کے شہری لانگ مارچ کے مخالف، صوبائی حکومت سے مسائل کے حل کا مطالبہ

خیبر پختونخوا پنجاب سے بہت پیچھے رہ گیا ہے، یہاں سڑکیں بند کرنے کے بجائے صوبے کی ترقی پر توجہ دی جائے

لانگ مارچ سے مسائل حل نہیں ہوتے، وزیراعلیٰ کو بات چیت کے ذریعے معاملات حل کرنے چاہئیں، شہری

پشاور (این این آئی) پختونخوا کے شہریوں نے لانگ مارچ کی مخالفت کرتے ہوئے صوبائی حکومت سے مسائل کے حل کا مطالبہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 11)

صدر نے تاحال صوبے میں امن وامان کی صورتحال سے متعلق رپورٹ نہیں مانگی ہے، گورنر کے پی

صدر پاکستان نے جیسے ہی رپورٹ مانگی تو تیار کر کے سفارشات سمیت بھیج دوں گا، فیصل کریم کنڈی کی گفتگو

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ صدر مملکت آصف زرداری نے تاحال صوبے میں امن و امان کی صورتحال سے متعلق رپورٹ (بقیہ نمبر 12)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور احد چیمہ سے رائس پروڈکشن کا وفد ملاقات کرتے ہوئے

جوڈیشل کمپلیکس حملہ کیس عمران خان کو ذاتی حیثیت یا ویڈیو لنک پیش کرنے کا حکم

سابق وفاقی وزرا فرح حبیب، حماد اظہر، مراد سعید اور شبلی فراز اشتہاری قرار، جائیدادوں کی تفصیلات طلب

عدالت نے کیس کی مزید سماعت 5 نومبر تک ملتوی کر دی۔ واضح رہے کہ پی ٹی آئی رہنماں کے خلاف مقدمہ تھانہ رمنا میں درج ہے۔

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت نے عمران خان کو آئندہ سماعت پر پیش کرنے کا حکم دے دیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے بانی پی ٹی آئی اور دیگر کے خلاف جوڈیشل کمپلیکس حملہ کیس میں آئندہ سماعت پر بانی پی ٹی آئی کو (بقیہ نمبر 5)

مہینوں سے ویران چلڈرن ہسپتال نارتھ کراچی کو دوبارہ بحال کرنے کا فیصلہ

کراچی (این این آئی) مہینوں سے ویران چلڈرن ہسپتال نارتھ کراچی کو دوبارہ بحال کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے جسکے تحت ہسپتا (بقیہ نمبر 6)

ایلون مسک کا اسپیس ایکس اے آئی کا نام تبدیل کرنے کا اعلان

نیویارک (این این آئی) اسپیس ایکس کے سربراہ ایلون مسک نے اپنی کمپنی کے اے آئی یونٹ اسپیس ایکس اے آئی کا نا (بقیہ نمبر 7)

مدینہ: نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار' مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے' کے تحت آج ریاض میں ہونے والی اپنی ملاقات سے قبل مدینہ منورہ پہنچ رہے ہیں

انسداد دہشت گردی عدالت کا عمران خان کو پیش کرنے کا حکم

سابق وفاقی وزرا فرح حبیب، حماد اظہر، مراد سعید اور شبلی فراز اشتہاری قرار، جائیدادوں کی تفصیلات طلب

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت نے عمران خان کو آئندہ سماعت پر پیش کرنے کا حکم دے دیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے بانی پی (بقیہ نمبر 8)

ٹرمپ کو نوبیل انعام ملنے کے امکانات کم ہیں، ماہرین کی رائے سامنے آگئی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو ایران کے خلاف (بقیہ نمبر 16)

سعودی وزیر خارجہ کی ایرانی ہم منصب سے بہن کے انتقال پر تعزیت

ریاض (این این آئی) سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان نے ایرانی وزیر خارجہ سید عباس عراقچی سے ٹیلی فون (بقیہ نمبر 15)

اچھا استاد معاشرے میں مثبت تبدیلیوں کی بنیاد رکھ سکتا ہے

مریم نواز

اپنے گرامی قدر اساتذہ سمیت ہر استاد کو سلام پیش کرتی ہوں، ٹیچرز ڈے پر پنجاب کے لاکھوں اساتذہ کرام کے اخلاص، محنت اور لگن کو سراہتی ہوں، استاد کا مرتبہ، عظمت لازوال ہے، مریم نواز شریف

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے معلم اعظم حضرت محمد ﷺ پر کروڑوں درود و سلام پیش کیا اور قابل احترام اساتذہ کو شاندار خراج تحسین پیش کیا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ اچھا استاد معاشرے میں مثبت تبدیلیوں کی بنیاد رکھ سکتا ہے، استاد کا مرتبہ، عظمت لازوال ہے، اپنے شفیق ٹیچرز کے لئے آج بھی عزت و احترام کا جذبہ برقرار ہے۔ انہوں نے اساتذہ کے عالمی دن پر اپنے خصوصی پیغام میں معلم اعظم حضرت محمد ﷺ پر کروڑوں درود و سلام پیش کیا اور قابل احترام اساتذہ کو شاندار خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ اپنے گرامی قدر اساتذہ سمیت ہر استاد کو سلام پیش کرتی ہوں، ٹیچرز ڈے پر پنجاب کے لاکھوں اساتذہ کرام کے اخلاص، محنت اور لگن کو سراہتی ہوں، (بقیہ نمبر 18)

اساتذہ نوجوان نسل کی سوچ اور مستقبل کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، سیدال خان ناصر

اسلام آباد (این این آئی) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر ملک بھر (بقیہ نمبر 20)

مچھلی برآمدات تین ماہ میں 125.4 ملین ڈالر تک پہنچ گئیں

انسانی وسائل کی استعداد، تکنیکی اور پیشہ ورانہ معیار کو بہتر بنایا جا سکے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے کہا ہے کہ رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں پاکستان کی مچھلی اور سمندری مصنوعات کی برآمد (بقیہ نمبر 21)

اسلام آباد: وفاقی وزیر طارق فضل چودھری پریس کانفرنس کرتے ہوئے

وزارتِ مکانات و تعمیرات نے عالمی یوم آبادکاری 5 اکتوبر کے موقع پر قومی ہاؤسنگ پالیسی 2025 کا اجراء کر دیا

رہائش صرف سر چھپانے کیلئے نہیں بلکہ یہ وقار، مواقع اور مضبوط و لچکدار معاشروں کی بنیاد ہے، وزارتِ ہاؤسنگ

مسلسل تعاون اور تمام اسٹیک ہولڈرز کی شراکت کو یقینی بنانا ناگزیر ہے، وفاقی سیکرٹری ہاؤسنگ

اسلام آباد (این این آئی) وزارتِ ہاؤسنگ اینڈ ورکس نے یو این ہیبی ٹیٹ پاکستان کے اشتراک سے قومی ہاؤسنگ (بقیہ نمبر 17)

دہشتگردی کیخلاف پالیسی بنانے سے کس نے روکا؟

خواجہ آصف کا سہیل آفریدی سے سوال

گزشتہ 13 سال سے خیبر پختونخوا میں آپ کی حکومت رہی، وفاق میں بھی آپ اقتدار میں رہے، آپ کو دہشت گردی کے خلاف پالیسی بنانے سے کس نے روکا؟

دہشت گرد کو دہشت گرد کہنا، افغانستان سے آنے والے دہشت گردوں کی مذمت کرنا، پاک فوج اور عوام پر حملوں کے خلاف کھل کر افواج کے ساتھ کھڑا ہونے کے لئے آپ کو کس پالیسی کی ضرورت ہے؟

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر دفاع خواجہ آصف نے پاکستان تحریک انصاف سے 8 سوالات کے جواب مانگ لیے۔ وزیر دفاع خواجہ آصفق نے ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ آج تحریک انصاف کی یہ دلیل مسلسل سننے کو ملی کہ ہمیں دہشت گردی کے خلاف پالیسی بنانے نہیں دی گئی، اس جھوٹے دعوے پر میرے تحریک انصاف سے 8 بنیادی سوالات ہیں۔ خواجہ آصف نے پہلا سوال کیا کہ گزشتہ 13 سال سے خیبر پختونخوا میں آپ کی حکومت رہی، وفاق میں بھی آپ اقتدار میں رہے، آپ کو دہشت گردی کے خلاف پالیسی بنانے سے کس نے روکا (بقیہ نمبر 23)

برآمدات میں مسلسل اضافہ ملک کیلئے خوش آئند، خرم شہزاد

ستمبر میں برآمدات کی شرح نمو درآمدات کے مقابلے میں زیادہ رہی، بیرونی تجارت کے شعبے میں برآمدی سرگرمیوں کے مضبوط ہونے کی عکاسی ہو رہی ہے، مشیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ برآمدات میں مسلسل اضافہ ملک کے لیے خوش آئند ہے کیونکہ اس سے نہ صرف زرمبادلہ کی آمدنی میں اضافہ ہو رہا ہے بلکہ معیشت کو برآمدات پر مبنی پائیدار ترقی کی جانب گامزن کر (بقیہ نمبر 22)

8 اکتوبر 2026ء! قیامت خیز زلزلے کے شہداء کی 21 ویں برسی 8 اکتوبر کو منائی جائے گی

بھارت اور افغانستان سمیت پاکستانی علاقوں بالاکوٹ، آزاد کشمیر میں بھی خوفناک زلزلے میں ہزاروں افراد جاں بحق، لاکھوں لوگ بے گھر ہو گئے

ٹھٹھہ صادق آباد (این این آئی) 8 اکتوبر 2026ء! قیامت خیز زلزلے کے شہداء کی 21 ویں برسی 8 اکتوبر کو منائی جائے گی اس حوالے سے ملک بھر میں (بقیہ نمبر 24)

مقبوضہ جموں و کشمیر کے مختلف علاقوں میں بھارتی فورسز کی محاصرے اور تلاشی کی کارروائیاں

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جمو (بقیہ نمبر 25)

مصنوعی ذہانت باشعور نہیں ہو سکتی، پوپ لیو نے اینتھروپک کا موقف مسترد کر دیا

ویٹی کن سٹی (این این آئی) مصنوعی ذہانت بنانے والی کمپنی اینتھروپک (بقیہ نمبر 26)

میسا چوسٹس کے ساحل کے قریب لاپتہ ایئر ایمبولینس کا ملبہ مل گیا، 6 افراد کی ہلاکت کا خدشہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ریاست میساچوسٹس کے ساحل کے قر (بقیہ نمبر 27)

وفاقی وزیر امور کشمیر گلگت بلتستان و سیفران امیر مقام پریس کانفرنس کرتے ہوئے

بینظیر بھٹو ہسپتال سے مبینہ جعلی ڈاکٹر گرفتار، خون فروخت کرنے کا الزام

راولپنڈی (این این آئی) بے نظیر بھٹو ہسپتال سے مبینہ جعلی ڈاکٹر کو گرفتار کر لیا گیا، جس پر ڈاکٹر کا یونیفارم پہن کر بلڈ بینک سے (بقیہ نمبر 14)

سرکاری قرضوں میں 10 سال کے دوران 340 فیصد کا تاریخی اضافہ

جون 2026 تک مجموعی حجم 86 ہزار 700 ارب روپے ہو گیا، رپورٹ وزارت خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے سرکاری قرضوں میں 10 سال کے دوران 340 فیصد کا تاریخی اضافہ ہوا، جون 2016 سے جون 2026 تک سرکاری قر (بقیہ نمبر 13)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف مسقط کے کنونشن اینڈ ایگزیبیشن سینٹر میں اپنی چھت اپنا گھر پراجیکٹ کے لئے یو این ہیبی ٹیٹ سکرول آف آنر ایوارڈ وصول کرنے کے بعد خرمقدمی تالیوں کا جواب دے رہی ہیں

بھارتی فوج اعصابی طور پر مفلوج، جموں میں بھارتی فوجی نے پھندا لگا کر خودکشی کر لی

ہر سال 100 سے 140 فوجی خودکشی کرتے ہیں، مقبوضہ کشمیر، چھتیس گڑھ اور شمال مشرق کے شورش زدہ خطے فوجی اہلکاروں کیلئے قبرستان بن گئے

جموں (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر کے ضلع جموں میں ایک بھارتی فوجی نے فوجی کیمپ کے اندر پھندا لگا کر خودکشی کر لی ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بھارتی ریاست مہاراشٹر سے تعلق رکھنے والے 45 سالہ نائیک واگھ امبیڈ (بقیہ نمبر 30)

لانگ مارچ سرکاری وسائل کے استعمال اور مسلح افراد کی موجودگی کے دعوے

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا اسلام آباد ہائیکورٹ کے احکامات کو پس پشت ڈال کر سرکاری ہیلی کاپٹر پر لانگ مارچ کے لیے لکی مروت پہنچ گئے

عدالت نے صوبائی حکومتوں، بشمول وزرائے اعلیٰ، کو سیاسی مارچ یا احتجاج کے لیے سرکاری وسائل استعمال نہ کرنے کا واضح حکم دیا تھا

اسلام آباد کی طرف جانے والے کسی بھی مارچ یا سیاسی احتجاج کے لیے سرکاری فنڈز، گاڑیوں، ہیلی کاپٹر، سرکاری اہلکاروں یا مشینری کا استعمال نہیں کیا جائیگا

پشاور (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی لانگ مارچ میں سرکاری وسائل کے استعمال، عدالتی احکامات کی خلاف ورزی اور مسلح عناصر کی موجودگی کے دعوے سامنے آگئے۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا اسلام آباد ہائیکورٹ کے احکامات کو پس پشت ڈال کر سرکاری ہیلی کاپٹر پر لانگ مارچ کے لیے لکی مروت پہنچ گئے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے 18 ستمبر کو پی ٹی آئی لانگ مارچ سے متعلق 37 صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ جاری کیا تھا، عدالت نے صوبائی حکومتوں، بشمول وزرائے اعلیٰ، کو سیاسی مارچ یا احتجاج کے لیے سرکاری وسائل استعمال نہ کرنے کا واضح حکم دیا تھا۔ عدالتی فیصلے کے مطابق اسلام آباد کی طرف جانے والے کسی بھی مارچ یا سیاسی احتجاج کے لیے سرکاری فنڈز، گاڑیوں، ہیلی کاپٹر، سرکاری اہلکاروں یا مشینری (بقیہ نمبر 28)

اساتذہ طالب علموں کو اگلے دس سالوں کے چیلنجز کا سامنا کرنے کیلئے تیار کریں

احسن اقبال

تعلیم کے ذریعے غریبوں کے بیٹے اور بیٹیاں غربت کی زنجیریں کاٹ سکتے ہیں، نارووال کی دھرتی نے انہیں دولت کی وجہ سے نہیں بلکہ تعلیم کی وجہ سے منتخب کیا

نارووال کے نوجوانوں کو میڈیکل تعلیم کے لیے ضلع چھوڑنے کی ضرورت نہیں، سینکڑوں بچیاں یو ای ٹی نارووال سے انجینئرنگ اور کمپیوٹر سائنس کی تعلیم حاصل کر رہی ہیں

نارووال (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نے اساتذہ کے عالمی دن کے موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ قوم کے معماروں کو سلام پیش کرتے ہیں، اساتذہ نئی نسل کی تعلیم و تربیت میں بنیادی کردار ادا کر رہے ہیں۔ احسن اقبال نے کہا کہ اساتذہ کی محنت سے ملک کا مستقبل روشن اور مضبوط ہے، اچھے استاد قوموں کی تقدیر بدل دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج نارووال علم اور یونیورسٹیوں کا شہر بن چکا ہے، یہ تبدیلی ہے، تبدیلی گالیاں دینے یا کسی کو چور، چور کہنے سے نہیں آتی بلکہ کچھ کر کے دکھانے سے آتی ہے، اور ہم نے کر دکھایا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ تعلیم کے ذریعے غریبوں کے بیٹے اور بیٹیاں غربت کی زنجیریں کاٹ سکتے ہیں، نارووال کی دھرتی نے انہیں دولت کی وجہ سے (بقیہ نمبر 31)

ملکی ہیلتھ سیکٹر میں خود انحصاری اور برآمدات بڑھانے میں اہم پیش رفت

اسلام آباد (این این آئی) ایس آئی ایف سی کی معاونت سے ہیلتھ سیکٹر میں خود انحصاری اور برآمدات کی جانب پیش رفت جاری ہے۔ صحت اور فارماسیکٹر میں اصلاحات پر پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے ایس آئی ایف (بقیہ نمبر 19)

ایمان مزاری و ہادی علی کیخلاف احتجاج کا کیس، انگریزی میں بات کرنے پر جج ڈی ایس پی پر شدید برہم

دورانِ سماعت تفتیشی افسر کی غیر موجودگی پر جج نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ڈی ایس پی کو ذاتی حیثیت میں طلب کر لیا

عدالت نے ڈی ایس پی کو اصل کاپی عدالت کے سامنے پیش کرنے کا حکم دیتے ہوئے کمرہ عدالت میں ہتھکڑی منگوالی

اسلام آباد (این این آئی) ایمان مزاری و ہادی علی کیخلاف احتجاج کا کیس میں انگریزی میں بات کرنے پر جج ڈی ایس پی پر شدید برہم ہوگئے۔ پیر کو اسلام آباد کی انسدادِ دہشت گردی کی عدالت میں ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کے خلاف احتجاج کے کیس میں ضمانت (بقیہ نمبر 32)

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی، سینیٹرز اور ارکانِ قومی اسمبلی (MNAs) پر مشتمل پارلیمانی وفد کی قیادت کرتے ہوئے

ڈاکٹر خلیل احمد سروہی کی قرآن خوانی، سیاسی وسماجی شخصیات کی شرکت

ڈاکٹر خلیل احمد سروہی کی قرآن خوانی، سیاسی وسماجی شخصیات کی شرکت

شورکوٹ (نامہ نگار) شورکوٹ کے نواحی علاقہ ککی نو کی معروف سماجی شخصیت اور انجمن تاجران ککی نو کے صدر ڈاکٹر خلیل احمد سروہی جو گزشتہ دنوں عمرہ کی سعادت حاصل کرنے کے لیے سعودی عرب گئے تھے، دورانِ عمرہ بقضائے الٰہی انتقال کر گئے مرحوم کے ایصالِ ثواب کے لیے ان کے آبائی گاؤں ککی نو میں قرآن خوانی اور دعائے مغفرت کی تقریب منعقد ہوئی اس موقع پر مرحوم کی دینی، سماجی اور فلاحی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا گیا، جبکہ ان کے بڑے صاحبزادے حاجی عابد خلیل سروہی کی دستار بندی بھی کی گئی تقریب میں صدر شورکوٹ پریس کلب رانا شاہد محمود، چیئرمین رائے ایاز اکبر، صدر بار خان (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 12)

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق کا تحصیل سیالکوٹ اور سمبڑیال کا صبح سویرے اچانک دورہ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) ڈپٹی کمشنر کا مختلف علاقوں میں صفائی انتظامات کا تفصیلی معائنہ ڈپٹی کمشنر نے سیالکوٹ میں مواضع ہڑر بھڑتھ اور بھوتھ کا تفصیلی دورہ کیا سمبڑیال سٹی اور بھوپالوالہ میں صفائی انتظامات کا بھی جائزہ لیا گیا نالیوں کی صفائی نہ ہونے اور مختلف مقامات پر کوڑے کے ڈھیروں پر ڈپٹی کمشنر کا اظہار برہمی ناقص کارکردگی پر ڈسٹرکٹ مینیجر کی سرزنش کارکردگی بہتر بنانے کی ہدایت ناقص کارکردگی پر ایک فیلڈ مانیٹرنگ ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز میاں سرمد حسین ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی آصف اقبال اسسٹنٹ کمشنر عدنان وڑائچ اور اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ رانا صفدر شبیر بھی ہمراہ تھے ڈپٹی کمشنر نے اس موقع پر شہریوں سے بھی گفتگو کی اور صفائی انتظامات متعلق فیڈ بیک لیا صفائی میں غفلت برتنے والے افسران واہلکاروں کے خلاف سخت کارروائی ہوگی فیلڈ میں صفائی آپریشن کی مؤثر نگرانی یقینی بنائی جائے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 13)

کوٹ رادھا کشن: ایشال فاطمہ کی میٹرک میں بہترین کارکردگی، ایسوسی ایشن فلاح کمبوہاں کی جانب سے اسناد اور نقد انعام

کوٹ رادھا کشن (سہیل الطاف خاں) ایسوسی ایشن فلاح کمبوہاں کوٹ رادھا کشن کی جانب سے چوہدری شکیل احمد کی صاحبزادی اور چوہدری لالا عبدالرشید کی پوتی ایشال فاطمہ کی میٹرک میں بہترین کارکردگی پر اسناد اور نقد انعام دے کر حوصلہ افزائی کی گئی۔ اس موقع پر چیئرمین ایسوسی ایشن فلاح کمبوہاں حاجی خالد محمود کمبوہ، صدر چوہدری محمد عالم، سرپرست اعلیٰ چوہدری عبدالرشید اور دیگر ممبران موجود تھے۔ چیئرمین حاجی خالد محمود نے ایشال فاطمہ کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ہماری نیک تمنائیں اور دعائیں بچی کے ساتھ ہیں، اللہ تعالیٰ اسے تعلیم کے میدان میں مزید کامیابیاں عطا فرمائے۔ صدر چوہدری محمد عالم

موٹروے پر کار حادثہ، تین زخمی، بچیکی میں موٹر سائیکل ریڑھے سے ٹکرا گئی

نکانہ صاحب (نمائندہ روزنامہ سحر) موٹروے پر کار حادثہ، تین زخمی، بچیکی میں موٹر سائیکل ریڑھے سے ٹکرا گئی تفصیلات کے مطابق موٹروے ایم تھری ریسٹ ایریا کے قریب تیز رفتاری کے باعث بے قابو ہونے والی کار موٹروے سے نیچے جا گری، حادثے میں دو خواتین سمیت تین افراد زخمی ہو گئے، جبکہ بچیکی میں موٹر سائیکل اور ریڑھے کے تصادم میں نوجوان کی ٹانگ فریکچر ہو گئی۔ ریسکیو 1122 کے مطابق موٹروے ایم تھری ریسٹ ایریا کے قریب حادثے کی اطلاع ملتے ہی امدادی ٹیم موقع پر پہنچ گئی۔ حادثے میں 46 سالہ محمد حنیف، 42 سالہ شاہینہ بی بی اور 22 سالہ تہمینہ زخمی ہوئے، جنہیں ابتدائی طبی امداد کے بعد ڈی ایچ کیو ہسپتال نکانہ صاحب منتقل کر دیا گیا۔ دوسرے حادثے میں بچیکی لاہور، جڑانوالہ روڈ پر موٹر سائیکل اور ریڑھے کے تصادم کے نتیجے میں ایک نوجوان شدید زخمی ہو گیا۔ اسے بھی طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا

ٹرک ڈرائیور کو نیند آنے سے ٹرک سامنے سے آنے والی کار سے جا ٹکرایا، ٹریفک حادثہ میں میاں بیوی جاں بحق

خانیوال (نامہ نگار) ٹرک ڈرائیور کو نیند آنے سے ٹرک سامنے سے آنے والی کار سے جا ٹکرایا، ٹریفک حادثہ میں میاں بیوی جاں بحق، نعشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا، پولیس نے ٹرک قبضہ میں لے کر تحقیقات شروع کر دیں تفصیلات کے مطابق وہاڑی خانیوال روڈ پر خطرناک روڈ ایکسیڈنٹ میں میاں اور بیوی جان کی بازی ہار گئے، گزشتہ صبح خانیوال میں وہاڑی روڈ پر تیز رفتار ٹرک کی ٹکر سے کار سوار میاں اور بیوی جاں بحق ہو گئے حادثہ ٹرک ڈرائیور کی دوران ڈرائیونگ نیند کی وجہ سے پیش آیا، متوفی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 15)

حکومت پنجاب کی ہدایات پر اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کی شکایات اور مسائل کے فوری ازالے کا سلسلہ جاری

جھنگ (مہر ریاض نول ڈسٹرکٹ رپورٹر سے) حکومت پنجاب کی ہدایات پر اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کی شکایات اور مسائل کے فوری ازالے کا سلسلہ افسران کو فوری کارروائی اور سائلین کو بروقت ریلیف فراہم کرنے کے احکامات جاری کیے۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ شہریوں کی جانب سے پیش کی جانے والی ہر

درخواست پر قانون وضابطے کے مطابق فوری عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 18)

عالمی یومِ اساتذہ کے موقع پر ضلعی محکمہ تعلیم ننکانہ صاحب کے زیرِ اہتمام ضلع کونسل ہال ڈی سی کمپلیکس میں ہیرو ٹیچر ایوارڈ 2026 کی تقریب منعقد

ننکانہ صاحب (نمائندہ روزنامہ سحر) عالمی یومِ اساتذہ کے موقع پر ضلعی محکمہ تعلیم ننکانہ صاحب کے زیرِ اہتمام ضلع کونسل ہال ڈی سی کمپلیکس میں ہیرو ٹیچر ایوارڈ 2026 کی تقریب منعقد ہوئی، جس میں نمایاں تدریسی خدمات، تعلیمی کارکردگی اور طلبہ کی کامیابیوں میں اہم کردار ادا کرنے والے 63 مرد و خواتین اساتذہ کو ہیرو ٹیچر ایوارڈز (میڈلز) اور اسناد سے نوازا گیا تقریب میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈ کوارٹر عرفان مارٹن نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر سی ای او ایجوکیشن شفقت محمود، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز شکیل احمد رضوی، ڈاکٹر اسماء، احسان، فیاض احمد اور ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز آسیہ امیر، مہوش امانت، عاصمہ افشین، محمد صدیق، محمد نعیم اختر سلہری اور جاوید گل سمیت محکمہ تعلیم کے افسران اور اساتذہ موجود تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عرفان مارٹن نے کہا کہ ایسوسی ایشن کی کوشش ہے کہ برادری کے بچے اور بچیاں تعلیم حاصل کر کے برادری کا نام روشن کریں۔ جو مستحق بچے فیس یا کتابوں کے اخراجات کے باعث تعلیم جاری (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 14)



چلو چل کر، دہر سارا، اجالوں سے، سجا دیں ہم
شب۔ ظلمت، بھگا دیں ہم، دیے سب کے، جلا دیں ہم
نگر اپنا، جہاں بھر میں، مثالی سا، بنا دیں ہم
وہ سارے ہی، گلے شکوے، گلے لگ کر، بھلا دیں ہم
یہ بالا خانے سب سارے، منقش گھر، منور در
زمانے سے، ستم کے سب، نشاں تک بھی، مٹا دیں ہم

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو سیکیورٹیز	1122
پولیس ہیلپ لائن	15
ایمرجنسی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
ہم ڈیپارٹمنٹل	99212111
موٹروے پولیس	130
پنجاب ہائی وے پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

شکایات سیل اور سنٹرز

وزیر اعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری مینٹرنگ سیل	99213100
پولیس شکایت	99202881
ایمرجنسی شکایت سنٹر	111-000-118
سوئی گیس شکایت سنٹر	99211022-9

ہسپتال اور بلڈ بنک

سروسز ہسپتال	99203402-22
میو ہسپتال	99211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	99264091-8
گنگا رام ہسپتال	99200572-9
یو ایچ ایچ ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
سی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	99230901-3
ثالثمید بلڈ بینک	35863950
ایدھی بلڈ بینک	35417440

اساتذہ کی عظمت کو سلام، یوم اساتذہ کے موقع پر محمد شہزاد دلبر، صدر پریس کلب لالہ موسیٰ کا خاص پیغام

لالہ موسیٰ (بیورو چیف) اساتذہ کی عظمت کو سلام یوم اساتذہ کے موقع پر خاص پیغام، استاد وہ چراغ ہے جو خود جل کر دوسروں کی زندگی میں علم وشعور کی روشنی بکھیرتا ہے۔ اساتذہ قوم کا معمار اور معاشرے کا سرمایۂ افتخار ہیں۔ ان کی محنت، تربیت اور رہنمائی کے بغیر کوئی بھی قوم ترقی کی منازل طے نہیں کر سکتی۔ یومِ اساتذہ کے اس پرمسرت موقع پر ہم اپنے تمام قابلِ احترام اساتذہ کرام کی عظمت، قربانیوں اور بے لوث خدمات کو دل کی اتھاہ گہرائیوں سے خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں۔ پیغام عقیدت و احترام: محمد شہزاد دلبر، صدر پریس کلب لالہ موسیٰ۔

مرغی کا گوشت ایک بار پھر سے شہری کی پہنچ سے دور

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) سمیت تحصیل سمبڑیال میں مرغی کا گوشت ایک بار پھر عام شہری کے پہنچ سے دور پولٹری فارم مافیا نے ایک بار پھر مرغی کے گوشت کے ریٹ میں خود ساختہ ہوشربا اضافہ کر دیا مارکیٹ میں مرغی کے گوشت کو پر لگ گئے مرغی کا گوشت عام شہری کی پہنچ سے باہر ہو گیا گوشت کی خریداری کے لیے آنے والے خریدار گوشت کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 1)

اساتذہ معاشرے کی تعمیر وترقی میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں، مرزا گلزار احمد

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) اوورسیز پاکستانی و سمبڑیال کے سماجی رہنما مرزا گلزار احمد نے کہا ہے کہ اساتذہ معاشرے کی تعمیر وترقی میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں کیونکہ ایک استاد صرف کتابی علم نہیں دیتا بلکہ نئی نسل کی کردار سازی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 3)

ڈسکہ وگردونواح میں دھان کی کٹائی شروع، منڈیوں میں ڈھیر لگ گئے

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) ڈسکہ وگردونواح میں دھان کی کٹائی شروع، منڈیوں میں ڈھیر لگ گئے بیوپاریوں کی آمد نہ ہونے پر مڈل مین سستے داموں خریدنے لگے، کاشتکار پریشان، پنجاب بھر کی طرح ڈسکہ شہر وگردونواح میں دھان کی اقسام 86 اور 1847 کی کٹائی شروع ہونے کے باعث، منڈیوں میں ڈھیر لگ گئے، بیوپاریوں کی آمد نہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 5)

ہارون آباد نائب اختر سدیدی نوید سرور اور نقیبِ محفل مرزا محمد ادریس سعیدی

ہارون آباد (نمائندہ خصوصی) ہارون آباد نائب اختر سدیدی نوید سرور اور نقیب محفل: مرزا محمد ادریس سعیدی محفلِ میلادِ مصطفیٰ میں سامعین کے دلوں کو گرمانے اور روح کو منور کرنے کا سہرا جہاں نعت خواں کے سر جاتا ہے، وہیں اس باوقار محفل کی روح، ترتیب اور جمالیاتی تناسب اس نقیب باکمال کا مرہونِ منت ہوتا ہے جسے ربِ کریم نے لفظوں کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 9)

PHA سیالکوٹ اور روز ویلفیئر آرگنائزیشن کے اشتراک سے آگاہی واک

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) PHA سیالکوٹ اور روز ویلفیئر آرگنائزیشن کے اشتراک سے آگاہی واک کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم سے ایوارڈ یافتہ کلین گرین پاکستان کے قومی چیمپین وسماجی راہنما محمد اشفاق نذر، نائب صدر روز ویلفیئر آرگنائزیشن میاں اعجاز انجم اور سماجی راہنما اسلام آباد محترمہ رخشندہ تسنیم نے کہا ہے کہ موسمیاتی اور (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 10)

تعلیمی اداروں میں کھیلوں کا فروغ پنجاب حکومت کی ترجیح ہے، طلبہ کو آگے بڑھنے کے مواقع دے رہے ہیں: سید جاوید اختر شاہ

بہاول پور (محمد اسد بھٹہ سے) ڈائریکٹر فزیکل ایجوکیشن بہاول پور ایجوکیشن بورڈ سید جاوید اختر شاہ نے کہا ہے کہ طلبہ وطالبات میں موجود کھیلوں کے ٹیلنٹ کو سامنے لانے اور انہیں اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے بورڈ کی سطح پر سپورٹس

سرگرمیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ کھیل نوجوانوں میں نظم و ضبط، خود اعتمادی، ٹیم ورک اور مقابلے کا جذبہ پیدا کرتے ہیں، اس لیے تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ کھیلوں کو بھی خصوصی اہمیت دی جا رہی ہے۔ صحافیوں کے ایک وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت کی سپورٹس پالیسی کے مطابق نوجوانوں کو کھیلوں کی طرف راغب کرنے اور باصلاحیت کھلاڑیوں کو آگے لانے کے لیے مختلف سطحوں پر کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ بہاول پور ایجوکیشن بورڈ بھی طلبہ وطالبات کے لیے مختلف کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد کر کے انہیں اپنی صلاحیتیں منوانے کا موقع فراہم کر رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ چیئرمین بورڈ اشتیاق احمد گوندل اور سیکرٹری بورڈ عدیل مالک چیمہ کی سرپرستی میں سپورٹس سرگرمیوں کو بہتر انداز میں آگے بڑھایا جا رہا ہے۔ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 6)

والدین، معاشرے اور حکومت سے، اپیل کی کہ اساتذہ کا احترام کریں اور انکی محنت کو سراہیں، پروفیسر ملک طارق محمود

پاکپتن (نامہ نگار) ہیومن رائٹس فورم پاکپتن کے صدر گورنمنٹ فریدیہ پوسٹ گریجویٹ کالج پاکپتن کے سابق پرنسپل پروفیسر ملک طارق محمود نے ٹیچرز ڈے کے موقع پر اساتذہ سے خطاب کرتے ہوئے والدین، معاشرے اور حکومت سے، اپیل کی کہ اساتذہ کا احترام کریں اور انکی محنت کو سراہیں حکومت پنجاب اساتذہ کو درپیش مسائل کو جلد حل کرے انہوں نے اساتذہ کی خدمات کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ اساتذہ قوم کے معمار اور مستقبل کے محافظ ہیں جن کی محنت اور لگن سے طلباء اپنی زندگیوں میں کامیابی کی راہ ہموار کرتے ہیں ایک استاد صرف علم فراہم نہیں کرتا بلکہ وہ طلباء کی شخصیت سازی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 7)

بلیک میلنگ کا بڑھتا ہوا ناسور قانون اور صحافت کی آڑ میں شہریوں کو ہراساں کرنے کی شکایات پر شفاف تحقیقات ناگزیر

(*منیر ساجد ارائیں*) معاشرے کی تعمیر صرف سڑکوں عمارتوں اور ترقیاتی منصوبوں سے نہیں ہوتی بلکہ کسی بھی مہذب معاشرے کی اصل پہچان اس کے اخلاقی اصول انسانی احساس قانون کی بالادستی اور شہریوں کے جان و مال اور عزت وآبرو کے تحفظ سے ہوتی ہے جب معاشرے میں ذاتی مفادات طمع نفسانی اور ناجائز اثر ورسوخ کو انسانی اقدار پر فوقیت حاصل ہونے لگے تو پھر اعتماد کا رشتہ کمزور اور خوف کا ماحول مضبوط ہونے لگتا ہے یہ امر انتہائی تشویش ناک ہے کہ ہڑپہ سمیت بعض علاقوں میں شہریوں کی جانب سے وقتاً فوقتاً ایسے عناصر کے بارے میں شکایات سامنے آتی رہتی ہیں جو مبینہ طور پر لوگوں کو مختلف طریقوں سے دباؤ میں لانے خوف زدہ کرنے ہراساں کرنے یا ذاتی مفادات حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں ایسے معاملات میں سب سے زیادہ متاثر وہ سادہ لوح شہری ہوتے ہیں جو قانونی پیچیدگیوں سے ناواقف ہونے کے باعث دباؤ کا مقابلہ کرنے کے بجائے خاموشی اختیار کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں عزت جان اور مال (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 8)

وفاقی وزیر پیر سید عمران احمد شاہ نے ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال میں سوئی گیس کنکشن ٹی بی ایس کا افتتاح کر دیا

وفاقی وزیر پیر سید عمران احمد شاہ نے ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال میں سوئی گیس کنکشن ٹی بی ایس کا افتتاح کر دیا

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) وفاقی وزیر برائے تخفیف غربت وسماجی تحفظ پیر سید عمران احمد شاہ نے ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال میں سوئی گیس کے کنکشن ٹی بی ایس (TBS) کا افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر پرنسپل ساہیوال میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر محمد اختر، ایم ایس ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر فیصل وحید، سوئی ناردرن کے انجینئرز اور میڈیا نمائندگان بھی موجود تھے۔ وفاقی وزیر پیر سید عمران احمد شاہ نے کہا کہ سوئی گیس کنکشن کی فراہمی سے ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال کے لانڈری سیکشن، پریسنگ اور دیگر ضروری امور میں سہولت میسر آئے گی، جس سے ہسپتال میں صفائی ستھرائی کے نظام کو مزید بہتر بنانے میں مدد ملے گی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 2)

اوکاڑہ تحصیل بھر میں صفائی آپریشن تیزی سے جاری، سارکو انتظامیہ کی زیر نگرانی مختلف علاقوں میں صفائی سرگرمیاں جاری

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ + شکیل احمد آصم سے) ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک اور میٹنگ ڈائریکٹر ستھرا پنجاب ایجنسی اوکاڑہ احمد سلیم چشتی کی مشترکہ ہدایات پر ستھرا پنجاب ایجنسی کے تحت تحصیل بھر میں صفائی ستھرائی کا عمل تیزی سے جاری ہے سارکو انتظامیہ کی زیر نگرانی صفائی ٹیمیں مختلف علاقوں، بازاروں، گلیوں، سڑکوں، چوراہوں اور عوامی مقامات پر صفائی کے فرائض انجام دے رہی ہیں صفائی آپریشن کے دوران مینول سویپنگ، گھر گھر سے کچرے کی جمع آوری، کوڑا کرکٹ کی اٹھان، کچرے کے کنٹینرز کی لفٹنگ، نالیوں کی صفائی، مکینیکل سویپنگ، مینیکل روڈ واشنگ اور پانی کے چھڑکاؤ سمیت مختلف صفائی سرگرمیاں جاری ہیں اس کے علاوہ گرین بیلٹس، پارکس اور دیگر عوامی مقامات کی صفائی پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے سارکو انتظامیہ کی جانب سے صفائی ٹیموں کی کارکردگی کی مسلسل نگرانی کی جا رہی ہے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 4)

گیارہویں سالانہ محفلِ پاک بیاد بابا جی محمد شفیع نقشبندی مجددی یعقوبی رحمتہ اللہ علیہ 3 اکتوبر بروز ہفتہ بعد نمازِ عشاء منعقد ہوئی

کاموںکے (تحصیل رپورٹر) کاموںکے شریف میں اللہ والوں کی آمد آمد رہی۔ گیارہویں سالانہ محفلِ پاک مدینہ، تویکی روڈ کاموںکے میں منعقد ہوئی۔ محفلِ پاک زیرِ نگرانی پیر فضل احمد نقشبندی مجددی، خلیفہ مجاز آستانہ

بیاد بابا جی محمد شفیع نقشبندی مجددی یعقوبی رحمتہ اللہ علیہ 3 اکتوبر بروز ہفتہ بعد نمازِ عشاء عالیہ نقشبندیہ مجددیہ یعقوبیہ رحیمیہ کاموںکے شریف منعقد ہوئی۔ محفلِ پاک (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 11) جامع مسجد تاجدارِ

روٹی کم وزن، دام زیادہ ہوٹل مالکان کی مبینہ من مانیاں، سرکاری نرخ نظر انداز

چوکی (نامہ نگار) روٹی کم وزن، دام زیادہ ہوٹل مالکان کی مبینہ من مانیاں، سرکاری نرخ نظر انداز 100 گرام سے کم وزن کی روٹی 20 روپے میں فروخت کا انکشاف شہریوں کا کم وزن روٹی فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ اضافی نرخ اور کم وزن پر عملدرآمد نہ ہونے سے عوام پریشان مبینہ طور پر بعض ہوٹلوں پر وزن اور قیمت میں فرق برقرار انتظامیہ کی چیکنگ اور کارروائی مؤثر بنانے کی شہریوں کی اپیل شہریوں کا افسران بالا سے نوٹس لے کر عملی اقدام کا مطالبہ روٹی کے کم وزن اور اضافی نرخ کے حوالے سے شہریوں نے شکایات کا اظہار کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ بعض ہوٹل مالکان مبینہ طور پر سرکار کی جانب سے مقرر کردہ قیمت اور وزن کو نظر انداز کرتے ہوئے اپنی مرضی کے نرخوں پر 100 گرام سے کم وزن روٹی 20 روپے میں فروخت کرنے کا انکشاف کیا گیا ذرائع کے مطابق ایک طرف (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 27)

ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات نشان حیدر پارٹی پاکستان میاں بلال اکرم جو پو کا بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ پر شدید تشویش کا اظہار

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ نشان حیدر پارٹی پاکستان کے سیکرٹری ڈپٹی اطلاعات، میاں بلال اکرم جو پو نے ملک کے مختلف شہروں میں جاری بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہری شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ شہری علاقوں میں بجلی محض آدھے گھنٹے کے لیے آتی ہے اور دو گھنٹے تک غائب رہتی ہے، جس سے عام زندگی مفلوج ہو کر رہ گئی ہے۔ پانی، اسپتالوں، تعلیمی اداروں اور چھوٹے کاروبار شدید متاثر ہو رہے ہیں۔ میاں بلال اکرم جو پو نے واپڈا حکام اور متعلقہ وزارت سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فوری طور پر بجلی کی فراہمی کو مستقل اور متعین شیڈول کے تحت یقینی بنایا جائے اور غفلت کے ذمہ داران خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے۔

عوامی خدمت اور میرٹ کی بالادستی ایس ایچ او تھانہ سٹی عارف والا چودری ہاشم علی کا عزم

عارف والا (تحصیل رپورٹر) عوامی خدمت اور میرٹ کی بالادستی ایس ایچ او تھانہ سٹی عارف والا چودری ہاشم علی کا عزم پولیس اور عوام کے

درمیان اچھے تعلقات اور انصاف کی فراہمی کسی بھی معاشرے کے امن و استحکام کی بنیادی ضمانت ہیں۔ اسی اصول پر عمل پیرا ہوتے ہوئے، ایس ایچ او تھانہ سٹی چوہدری ہاشم علی دن رات علاقہ مکینوں کے مسائل کے فوری حل اور انصاف کی بروقت فراہمی کے لیے کوشاں ہیں۔ تھانے میں سائلین کی شکایات کا ازالہ بغیر کسی سفارش یا دباؤ کے، مکمل طور پر میرٹ کی بنیاد پر کیا جا رہا ہے۔ سائلین کے لیے تھانے کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں، جہاں شہری کی بات سنی جاتی ہے اور فوری قانونی ریلیف فراہم کیا جاتا ہے۔ علاقہ کو امن کا گہوارہ بنانے کے لیے سماج دشمن عناصر، منشیات فروشوں اور قانون شکنی کرنے والوں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 24)

استاد قوم کا اصل معمار، اس کی عزت مستقبل کی ضمانت ہے۔ جاوید احمد ذکی

علی پور چٹھہ (تحصیل رپورٹر) تحریک صراط مستقیم علی پور چٹھہ کے ذمدار جاوید احمد ذکی قادری نے اپنے بیان میں کہا کہ 5 اکتوبر یومِ

اساتذہ کے موقع پر اس امر کو اجاگر کرنا ضروری ہے کہ استاد محض کتاب پڑھانے والا شخص نہیں بلکہ وہ معمار ہے جو نئی نسل کے کردار، شعور اور مستقبل کی بنیاد رکھتا ہے۔ جاوید احمد ذکی نے مزید کہا کہ قوموں کی ترقی صرف بلند عمارتوں، کشادہ سڑکوں اور جدید وسائل سے نہیں ہوتی بلکہ ان مخلص اساتذہ کی محنت سے ہوتی ہے جو نسلوں کو علم کے ساتھ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 23)

معاشرے کی ترقی میں استاد کا کردار بے حد ضروری ہے۔ سردار ہیرا سنگھ پنجابی

نکانہ صاحب (محمد عرفان رفیع تحصیل بیورو چیف) مرکزی بین المذاہب امن کمیٹی ضلع نکانہ کے زیر اہتمام رہائش گاہ ملک جعفر پیٹرز ڈے کے حوالے سے ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں صوبائی چیئرمین مینارٹی ونگ سردار ہیرا سنگھ پنجابی چوہدری محمد اسلم گجر ڈاکٹر عابد علی عابد حاجی اعجاز مسعود ایڈووکیٹ رانا رفاقت علی انجم چوہدری عبدالرحمان شہباز مومن شہباز بھٹی اور سجاد جٹ نے شرکت کی اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سردار ہیرا سنگھ پنجابی نے کہا کہ معاشرے کی ترقی میں استاد کا کردار بہت اہمیت کا حامل ہے ہمیں استاد کو قدر کی نگاہ سے دیکھنا چاہیے کیونکہ انہی کی بدولت طالب علم تعلیم حاصل کرنے کے بعد اپنے ملک کے لئے روشن ستارہ بنتا ہے اس موقع پر مرکزی چیئرمین بین المذاہب امن کمیٹی قاری عبدالرحمان قادری صاحب مرکزی صدر حافظ شاہد اشرف مرکزی جنرل سیکرٹری طاہر محمود سیالوی نے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 28)

اساتذہ قوم کے معمار اور مستقبل کے حقیقی رہنما ہیں، ان کا احترام ہم سب کی قومی ذمہ داری ہے: چوہدری عثمان علی ایم این اے 142

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) عالمی یومِ اساتذہ کے موقع پر چوہدری عثمان علی ایم این اے 142 نے اپنے پیغام میں ملک بھر کے اساتذہ کرام کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ استاد وہ عظیم شخصیت ہے جو نئی نسل کو علم، شعور، کردار اور اخلاق کی دولت سے آراستہ کر کے قوم کے مستقبل کی بنیاد مضبوط بناتا ہے چوہدری عثمان علی ایم این اے 142 نے کہا کہ اساتذہ کرام کی محنت، خلوص اور رہنمائی کے بغیر معاشرے میں مثبت تبدیلی اور ترقی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا ایک استاد صرف کتابی علم منتقل نہیں کرتا بلکہ طلبہ کی شخصیت سازی، اخلاقی تربیت، مثبت سوچ اور ذمہ دار شہری کی حیثیت سے کردار ادا کرنے میں بھی بنیادی کردار ادا کرتا ہے انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں 5 اکتوبر کو عالمی یومِ اساتذہ منانے کا مقصد اساتذہ کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے پیشہ ورانہ مقام، حقوق، سہولیات اور (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 29)

ڈپٹی کمشنر محمد اوکاڑہ اکرام ملک کا صدر بازار کا دورہ، صفائی وڈی سلیٹنگ کے کاموں کا جائزہ لیتے ہوئے

ڈپٹی کمشنر محمد اوکاڑہ اکرام ملک کا صدر بازار کا دورہ، صفائی و ڈی سلیٹنگ کے کاموں کا جائزہ

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) ڈپٹی کمشنر محمد اوکاڑہ اکرام ملک کا صدر بازار کا دورہ

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

14 سالہ بچی کی گمشدگی 25 روز بعد بھی بازیابی نہ ہو سکی

چوکی روڑانوالی ٹوبہ روڈ تھانہ سیٹلائٹ ٹاؤن جھنگ کے علاقے سے 14 سالہ بچی کی مبینہ گمشدگی کو 25 روز گزرنے کے باوجود بازیابی نہ ہونے پر اہلخانہ نے وزیراعلیٰ پنجاب، آئی جی پنجاب اور آر پی او فیصل آباد سے فوری نوٹس لینے کی اپیل کی

جھنگ (مہر ریاض نول ڈسٹرکٹ رپورٹر سے) چوکی روڑانوالی ٹوبہ روڈ تھانہ سیٹلائٹ ٹاؤن جھنگ کے علاقے سے 14 سالہ بچی کی مبینہ گمشدگی کو 25 روز گزرنے کے باوجود بازیابی نہ ہونے پر اہلخانہ نے وزیراعلیٰ پنجاب، آئی جی پنجاب اور آر پی او فیصل آباد سے فوری نوٹس لینے اور بچی کی بازیابی کے لیے مؤثر اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔ اہلخانہ کے مطابق 14 سال 8 ماہ کی کمسن بچی 11 ستمبر 2026 کو مبینہ طور پر لاپتہ ہوئی، جس کے حوالے سے تھانہ سیٹلائٹ ٹاؤن جھنگ میں مقدمہ نمبر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 1 3)

ڈویژنل ڈائریکٹر ایلیمنٹری ایجوکیشن افتخار خان نے ریڈیو پاکستان فیصل آباد ایف ایم 93 کے حالات حاضرہ پر مبنی معروف پروگرام رابطہ میں میزبان میاں ندیم احمد کو انٹرویو دیتے ہوئے

کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ کی ہدایت پر نور پور سبز منڈی روڈ پر واسا نے سیور پائپ لائنز بچھانے کا کام شروع کر دیا

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ کی ہدایت پر نور پور سبز منڈی روڈ پر واسا نے سیور پائپ لائنز بچھانے کا کام شروع کر دیا جس کی تکمیل کے بعد روڈ کی مرمت و بحالی کا کام کیا جائے گا۔ کمشنر فیصل آباد نے کچھ روز قبل علاقہ کا دورہ کیا جہاں مقامی کاروباری اور رہائشی افراد نے کمشنر کو روڈ کی صورتحال بارے آگاہ کیا تھا۔ کمشنر فیصل آباد نے موقع پر واسا افسران کو 5۔ اکتوبر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 30)

گورنمنٹ بوائز سٹی ہائی سکول بہاولنگر میں ہیرو ٹیچر ایوارڈز کے حوالے سے ایک پروقار تقریب منعقد

اساتذہ معاشرے کی تعمیر اور نئی نسل کی تعلیم و کردار سازی میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ سید محمد عباس شاہ

بہاولنگر (بیورو رپورٹ) اساتذہ معاشرے کی تعمیر اور نئی نسل کی تعلیم و کردار سازی میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ سید محمد عباس شاہ۔ گورنمنٹ بوائز سٹی ہائی سکول بہاولنگر میں ہیرو ٹیچر ایوارڈز کے حوالے سے ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں ڈپٹی کمشنر بہاولنگر سید محمد عباس شاہ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر سید محمد عباس شاہ کی آمد پر سکول کے طلبہ نے پی ٹی شو پیش کرکے اور (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 32)

میاں محمد کاشف وٹو کے والد محترم کے انتقال پر صحافی برادری کا اظہار تعزیت، قرآن خوانی کا خصوصی اہتمام

شیر گڑھ (نامہ نگار) سینئر صحافی و چیئرمین دیپالپور سٹی پریس کلب رجسٹرڈ میاں محمد کاشف وٹو کے والد محترم کے انتقال پر صحافی برادری اور معززین علاقہ کی جانب سے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا گیا۔ اس سلسلہ میں مرکزی پریس کلب رجسٹرڈ شیر گڑھ کے زیر اہتمام تعزیتی اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت ضلعی چیئرمین ڈسٹرکٹ یونین آف جرنلسٹس اوکاڑہ و صدر مرکزی پریس کلب عمران زاہد کھوکھر نے کی۔ اجلاس میں صحافیوں نے میاں محمد کاشف وٹو اور دیگر اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے درجات کی بلندی کے لیے خصوصی دعا کی۔ اجلاس کے دوران مرحوم کے ایصالِ ثواب کے لیے قرآن خوانی کا بھی خصوصی اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر راؤ عمران واجد ایڈووکیٹ، حاجی غلام یسین کھوکھر، حاجی عامر سجاد، سردار مہتاب احمد، عارف علی شاہین، ڈاکٹر طارق فقیر کھوکھر، حاجی ظفر اقبال، ملک محمد افتخار کھوکھر، امتیاز خان، سید عابد حسین (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 39)

ڈسکہ و گردونواح میں آوارہ کتوں کی بھرمار، شہری خوف زدہ مختلف علاقوں میں راہ گیروں کو کاٹنے کے مبینہ واقعات

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) ڈسکہ و گردونواح میں آوارہ کتوں کی بھرمار، شہری خوف زدہ مختلف علاقوں میں راہ گیروں کو کاٹنے کے مبینہ واقعات، شہریوں کا کارروائی کا مطالبہ، ڈسکہ شہر میں آوارہ کتوں کی بڑھتی تعداد نے شہریوں کیلئے مشکلات اور خوف میں اضافہ کر دیا۔ شہر کے مختلف علاقوں بگلہ چوک، سٹیڈیم روڈ، ڈسکہ کلاں، سوہاوہ، لاری اڈا، افشاں روڈ، ماڈل ٹاؤن سمیت مختلف محلوں اور آبادیوں اور شہر کی سڑکوں پر آوارہ کتوں کے غول نظر آتے ہیں۔ جبکہ مختلف علاقوں میں راہ گیروں کو کتوں کے کاٹنے اور حملہ کرنے کے مبینہ واقعات بھی سامنے آ رہے ہیں۔ لوگوں کا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 38)

اساتذہ قوموں کے مستقبل کے معمار ہیں: نئی نسل کی شخصیت اور کردار سازی میں اساتذہ کا کردار کلیدی ہے عبدالقیوم ضیاء



بہاولپور (محمد اسد بھٹہ سے) عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر کتاب و ادب سے گہرا شغف رکھنے والے عبدالقیوم ضیاء نے کہا ہے کہ اساتذہ قوموں کے مستقبل کے معمار ہیں، جو صرف کتابی علم ہی نہیں دیتے بلکہ نئی نسل کی شخصیت، کردار، سوچ اور مستقبل کی تشکیل میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ استاد کا احترام دراصل علم، شعور اور روشن مستقبل کا احترام ہے انہوں نے کہا کہ 5 اکتوبر عالمی یوم اساتذہ اس عظیم پیشے سے وابستہ ان شخصیات کو خراج تحسین پیش کرنے کا دن ہے جو اپنی صلاحیتیں اور توانائیاں نئی نسل کی تعلیم و تربیت کے لیے وقف کرتی ہیں۔ ایک اچھا استاد اپنے شاگرد کو صرف امتحان میں کامیابی کے لیے تیار نہیں کرتا بلکہ اسے زندگی کے چیلنجز کا سامنا کرنے، درست فیصلے کرنے اور ایک ذمہ دار شہری بننے کے قابل بناتا ہے۔ عبدالقیوم ضیاء نے کہا کہ بہاول پور علم و دانش کی زرخیز سرزمین ہے اور یہاں کے اساتذہ نے تعلیم و تربیت کے میدان میں قابلِ قدر خدمات انجام (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 37)

پولیس کی اہم کارروائی، ڈکیتی و راہزنی کی وارداتوں میں ملوث ''علی رضا عرف جوجو گینگ'' کے سرغنہ سمیت 3 ملزمان گرفتار

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تھانہ پھلورہ پولیس کی اہم کارروائی، ڈکیتی و راہزنی کی وارداتوں میں ملوث ''علی رضا عرف جوجو گینگ'' کے سرغنہ سمیت 3 ملزمان گرفتار، تقریباً 30 لاکھ روپے مالیت کا مالِ مسروقہ اور ناجائز اسلحہ برآمد، 11 مقدمات ٹریس، ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد کی ہدایات پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران تھانہ پھلورہ پولیس نے ڈکیتی و راہزنی کی متعدد وارداتوں میں ملوث ''علی رضا عرف (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 34)

آج کا دن اُن عظیم ہستیوں کے نام ہے جو صرف کتابیں نہیں پڑھاتے، بلکہ زندگی جینے کا سلیقہ سکھاتے ہیں، افتخار خان

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) اساتذہ کے عالمی دن کے موقع پر ڈویژنل ڈائریکٹر ایلیمنٹری ایجوکیشن افتخار خان نے ریڈیو پاکستان فیصل آباد ایف ایم 93 کے حالات حاضرہ پر مبنی معروف پروگرام رابطہ میں میزبان میاں ندیم احمد کو انٹرویو کے دوران کہا کہ آج کا دن اُن عظیم ہستیوں کے نام ہے جو صرف کتابیں نہیں پڑھاتے، بلکہ زندگی جینے کا سلیقہ سکھاتے ہیں۔ استاد وہ چراغ ہے جو خود جل کر دوسروں کی راہوں کو روشن کرتا ہے۔ وہ ہماری غلطیوں پر صرف ڈانٹتا نہیں، بلکہ ہمیں بہتر انسان بننے کا راستہ دکھاتا ہے۔ ہماری کامیابیوں کے پیچھے اکثر کسی استاد کی خاموش محنت، دعائیں اور بے لوث محبت چھپی ہوتی ہے۔ آج اُن ہستیوں کو خراجِ تحسین پیش کریں جنہوں نے ہمارے خوابوں کو الفاظ، حوصلے کو پرواز اور مستقبل کو سمت دی۔ استاد کا احسان وہ قرض ہے جسے الفاظ میں ادا نہیں کیا جا سکتا۔ وہ ہمارے ہاتھ میں صرف قلم نہیں دیتا، بلکہ ہمارے خوابوں کو تعبیر کا راستہ دکھاتا ہے۔ ہم آج جو کچھ ہیں، اُس میں ہمارے اساتذہ کی محنت، دعاؤں اور تربیت کا ایک روشن حصہ شامل ہے۔ آیئے عہد کریں کہ ہم اپنے اساتذہ کا احترام صرف ایک دن نہیں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 33)

کاروان ادب بچیکی کے زیر اہتمام نامور شاعر عاصم پڈھیار کے ساتھ شام سخن کا انعقاد کیا گیا

بچیکی (نامہ نگار) کاروان ادب بچیکی کے زیر اہتمام نامور شاعر عاصم پڈھیار کے ساتھ شام سخن کا انعقاد کیا گیا، چائے سرائے میں منعقد ہونے والی شام سخن کی صدارت معروف ادبی شخصیت پروفیسر ملک عبدالسلام اعوان نے کی۔ جبکہ شام سخن میں اردو اور پنجابی زبان کے معروف شعراء عاصم پڈھیار، سید سفیر شاہ، عمر اجمل، راشد محمود اعلیٰ، اصغر علی انجم اور محمد دبیر سمیت دیگر شعراء نے شرکت کی اور اپنا خوبصورت کلام منفرد انداز میں پیش کیا۔ چیئرمین کرمانی ویلفیئر فاؤنڈیشن موڑ کھنڈا ملک ساجد علی، جنرل سیکرٹری مہر شعیب اصغر پڈھیار، سابق جنرل سیکرٹری حافظ محمد کاشف، صدر پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن بچیکی جاوید اقبال وسیر، سینئر ممبران رانا عبدالجبار آسی، حافظ فضل الٰہی، سینئر نائب صدر سٹی پریس کلب رائے علی رضا بگٹی، جنرل سیکرٹری چوہدری محمد یوسف، آفس سیکرٹری حافظ محمد آصف اور اہل ادب کی بڑی تعداد نے شرکت کی، شعراء نے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 35)

مالک مکان کو چھریاں مار کر قتل کرنے والا کرایہ دار ذیشان پولیس نے دھر لیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چند روز قبل مکان خالی کروانے کی رنجش پر مالک مکان کو چھریاں مار کر قتل کرنے والا کرایہ دار ذیشان پولیس نے دھر لیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ آگوکی کی حدود میں خاتون کے بہیمانہ قتل کا ملزم گرفتار، آلہ؟ قتل برآمد، یکم ستمبر کو شہزاد گرل کے سامنے گاڑی میں 40 سالہ صائمہ کو چھری کے وار کر کے قتل کیا گیا تھا، پولیس کے مطابق ملزم ذیشان عرف شانی مقتولہ کا سابقہ کرایہ دار تھا، مدعی کے مطابق ملزم نے مکان خالی کروائے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 36)

گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری سکول شیر گڑھ میں صاف پانی کا بحران، فلٹریشن پلانٹ لگانے کا مطالبہ

شیر گڑھ (نامہ نگار) گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری سکول شیر گڑھ میں طالبات اور تدریسی عملے کو صاف اور محفوظ پینے کے پانی کی فراہمی کا مسئلہ درپیش ہے، جس کے باعث سکول انتظامیہ طالبات اور والدین میں تشویش پائی جاتی ہے۔ سکول میں بڑی تعداد میں طالبات زیر تعلیم ہیں اور صاف پانی کی دستیابی ان کی صحت اور تعلیمی سرگرمیوں کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ والدین اور اہل علاقہ نے وزیراعلیٰ پنجاب، کمشنر ساہیوال اور ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ سے مطالبہ کیا ہے کہ گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری سکول شیر گڑھ میں فوری طور پر جدید فلٹریشن پلانٹ نصب کیا جائے تاکہ طالبات اور سکول کے عملے کو صاف، محفوظ اور معیاری پینے کا پانی میسر آ سکے۔ اہل علاقہ کا کہنا ہے کہ تعلیمی اداروں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اہم ذمہ داری ہے، اس لیے طالبات کے اس بنیادی مسئلے کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ متعلقہ حکام صورتحال کا فوری نوٹس لیتے ہوئے سکول میں فلٹریشن پلانٹ کی تنصیب کے لیے عملی اقدامات کریں گے۔

صولت حیات وٹو نے چائلڈ پروٹیکشن ویلفیئر بیورو کا دورہ کیا

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ہیڈ کوارٹر اینڈ انفورسمنٹ) صولت حیات وٹو چائلڈ پروٹیکشن ویلفیئر بیورو کا دورہ کیا جہاں پر محکمہ صحت کی جانب سے رہائش پذیر بچوں کیلئے فری میڈیکل کا انعقاد کیا گیا جہاں پر سینئر میڈیکل آفیسر THQ ہسپتال کوٹلی لوہراں ڈاکٹر اویس علی محسن، میڈیکل آفیسر چائلڈ سپیشلسٹ ڈاکٹر تنویر احمد (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 41)

الرحمان سکول اڈہ بجلی گھر میں یوم اساتذہ کے حوالہ سے تقریب کا انعقاد کیا گیا

بچیکی (نامہ نگار) الرحمان سکول اڈہ بجلی گھر میں یوم اساتذہ کے حوالہ سے تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت سکول کے پرنسپل حافظ محمد آصف نے کی، سکول پرنسپل کی والدہ سلمٰی غفور تقریب کی مہمان خصوصی تھیں جبکہ تقریب میں سکول اساتذہ اور طلباء و طالبات نے شرکت کی، تقریب کے دوران طلباء و طالبات نے تقاریر، اشعار اور ٹیبلوز کے زریعے اساتذہ کی شان و عظمت کو بیان کر کے انہیں خراج تحسین پیش کیا، اس موقع پر مہمان خصوصی سلمٰی غفور نے تمام اساتذہ میں تحائف تقسیم کئے اور ٹیچر ڈے کے سلسلہ میں کیک کاٹا، سکول کے طلباء و طالبات (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 42)

الرحمان سکول اڈہ بجلی گھر میں یوم اساتذہ کے حوالہ سے تقریب کا انعقاد

رانا محمد بلال ایڈووکیٹ کی دھماکے دار انٹری، امیدوار برائے صدر بار ایسوسی ایشن پاکپتن رانا بلال ایڈووکیٹ کی جانب سے معزز بار ممبران کے اعزاز میں ظہرانہ دیا گیا

پاکپتن (نامہ نگار) امیدوار برائے صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن پاکپتن رانا محمد بلال ایڈووکیٹ کی دھماکے دار انٹری، امیدوار برائے صدر بار ایسوسی ایشن پاکپتن رانا بلال ایڈووکیٹ کی جانب سے معزز بار ممبران کے اعزاز میں ظہرانہ دیا گیا، ظہرانہ میں سابق ممبر پنجاب بار کونسل راؤ رحمان اللہ ایڈووکیٹ، سابق ایڈیشنل اینڈ سیشن جج سید منیر شاہ ایڈووکیٹ، سابق جنرل سیکرٹری اشتیاق خان بلوچ، مظفر یاسین سلوترا ایڈووکیٹ، سابق ممبر صوبائی اسمبلی سردار واجد علی ڈوگر، سابق چیئرمین ملکہ ہانس رانا احسان، ظہراہ میں جاوید گوندل ایڈووکیٹ، رانا سیف اللہ سنی ایڈووکیٹ، ڈاکٹر رائے غلام مصطفیٰ، ارشاد سلوترا ایڈووکیٹ، رانا اویس عابد ایڈووکیٹ سمیت سینئر اور نوجوان وکلاء سمیت 500 سے زائد معزز بار ممبران کی شرکت، اس موقع پر امیدوار برائے صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن پاکپتن رانا محمد بلال ایڈووکیٹ نے کہا کہ اعتماد کرنے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 40)

کاروان ادب بچیکی کے زیر اہتمام نامور شاعر عاصم پڈھیار کے ساتھ شام سخن کا انعقاد کیا گیا

تکمیل قرآن کریم کی پروقار تقریب، 10 طلباء نے آخری سبق سنایا، مولانا معین الدین وٹو کی خصوصی شرکت

منڈی مدرسہ (راشد حسین ساقی) تکمیل قرآن کریم کی پروقار تقریب، 10 طلباء نے آخری سبق سنایا، مولانا معین الدین وٹو کی خصوصی شرکت۔ مدرسہ عربیہ فیض الاسلام جامع مسجد قادریہ منڈی مدرسہ میں تکمیل قرآن کریم کے سلسلہ میں ایک پروقار اور بابرکت تقریب منعقد ہوئی، جس میں پیر طریقت رہبر شریعت حضرت مولانا معین الدین وٹو صاحب دامت برکاتہم العالیہ، مہتمم مدرسہ ہذا، اور حضرت مولانا صاحبزادہ میاں محمد عثمان معین وٹو صاحب، ڈسٹرکٹ چیئرمین بیت المال ضلع بہاولنگر نے خصوصی شرکت فرمائی۔ تقریب کے دوران قرآن کریم کی تکمیل کرنے والے 10 خوش نصیب طلباء حافظ عبداللہ ندیم وٹو، حافظ عبدالرحمٰن ڈوگر، حافظ سیف الرحمٰن، حافظ عبداللہ ارشد، حافظ محمد نبیل، حافظ صائم سرفراز، حافظ عمر فاروق، حافظ محمد حذیفہ، حافظ عبدالرحمٰن عمر، حافظ عبدالقیوم وٹو نے اپنا آخری سبق سنایا۔ اس (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 44)

حبیب آباد میں شاہین ادبی سوسائٹی اور پریس کلب کے زیر اہتمام شاندار محفلِ مشاعرہ

حبیب آباد (نامہ نگار) تفصیلات کے مطابق حبیب آباد شاہین ادبی سوسائٹی اور پریس کلب حبیب آباد کے زیر اہتمام ایک شاندار ادبی محفلِ مشاعرہ کا انعقاد کیا گیا، جس میں ملک بھر سے معروف شعرائے کرام نے شرکت کی اور اپنے خوبصورت کلام سے محفل کو چار چاند لگا دیے۔ محفل میں اہلِ ذوق اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ محفلِ مشاعرہ میں اردو اور پنجابی شاعری کے رنگ نمایاں رہے۔ معروف شعرائے کرام نے اپنے منفرد انداز میں کلام پیش کیا تو حاضرین نے بھرپور داد و تحسین دے کر شعراء کی حوصلہ افزائی کی۔ خوبصورت اشعار اور شاعرانہ انداز نے محفل میں سماں باندھ دیا۔ تقریب میں صدر بار ایسوسی ایشن رائے اقبال کھرل ایڈووکیٹ، جنرل سیکرٹری بار ایسوسی ایشن راؤ عمران واجد ایڈووکیٹ، بانیِ مشاعرہ راوی کنارے انصر خان لاشاری، صدر رینالہ الیکٹرانک میڈیا ملک خرم شہزاد، صدر رینالہ پریس کلب راؤ عتیق گوہر، چوہدری شہزاد سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی نمایاں شخصیات نے شرکت کی۔ محفلِ مشاعرہ میں ادب، ثقافت اور پنجابی زبان (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 45)

ہریالی، خوشبو اور پھولوں سے سجا بہاول پور بورڈ کا کشادہ احاطہ آنے والوں کو خوشگوار احساس فراہم کرتا ہے، ارشد خان جوئیہ

بہاول پور (محمد اسد بھٹہ سے) ماحول دوست شخصیت ملک ارشد خان جوئیہ نے کہا ہے کہ بہاول پور ایجوکیشن بورڈ کی خوبصورت عمارت اور وسیع و کشادہ احاطہ اپنی ظاہری دلکشی کے ساتھ ساتھ سرسبز و شاداب ماحول کے باعث آنے والے سائلین اور وزیٹرز کے لیے ایک خوشگوار اور مثالی منظر پیش کرتا ہے۔ بورڈ کے احاطے میں جاری شجرکاری نے جہاں ماحول کو ہریالی کی خوبصورت چادر اوڑھا دی ہے، وہیں رنگ برنگے پودے، پھول اور خوشنما سبزہ عمارت کے حسن میں مزید نکھار پیدا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی ادارے کی خوبصورتی صرف اس کی عمارت سے نہیں بلکہ اس کے ماحول سے بھی پہچانی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 46)

مصطفیٰ آباد سرہالی روڈ پر لکس ہیون ہومز منصوبے کا افتتاح

مصطفیٰ آباد (نامہ نگار): مصطفیٰ آباد سرہالی روڈ پر لکس ہیون ہومز منصوبے کی افتتاحی تقریب منعقد ہوئی، جس میں سیاسی، سماجی و مذہبی شخصیات، وکلاء، سیدتقدیس الرحمٰن شاہ، سابق تحصیل ناظم قصور سید آغا نوید ہاشم رضوی، چوہدری خادم طور، مہر علی مہران، سابق ناظم ارشد رفیق انصاری، سابق نائب ناظم چوہدری نور



صحافیوں اور معززین علاقہ نے شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوتِ کلام پاک اور نعتِ رسولِ مقبولؐ سے کیا گیا۔ تقریب میں چیئرمین کمیٹی ہیلتھ پنجاب و ایم پی اے پی پی 176 چوہدری محمد الیاس خان، صاحبزادہ پیر احمد خان، شکیل احمد خان، مشتاق بھٹہ، صدر سٹی پریس کلب مصطفیٰ آباد واحد ملک، محمد رضوان بھٹی، محمد شبیر، بابا شوکت انصاری اور ملک حسیب یاسین سمیت دیگر معززین نے شرکت کی۔

قومی امن کمیٹی بین المذاہب ہم آہنگی و انسانی حقوق پاکستان کی جانب سے ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ اور تحصیل پیر محل میں تنظیمی ڈھانچے کو مزید فعال اور مؤثر بنانے کے لیے اہم تقرریاں عمل میں لائی گئیں

ننکانہ صاحب (تحصیل بیورو چیف محمد عرفان رفیع) اسلام آباد سیکریٹریٹ سے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق قومی امن کمیٹی بین المذاہب ہم آہنگی و انسانی حقوق پاکستان کی جانب سے ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ اور تحصیل پیر محل میں تنظیمی ڈھانچے کو مزید فعال اور مؤثر بنانے کے لیے اہم تقرریاں عمل میں لائی گئی ہیں۔ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کے لیے مخدوم سید عرفان رضا بخاری آف خورشیدہ آباد، سندیلیاں والی کو ڈسٹرکٹ چیئرمین ٹوبہ ٹیک سنگھ مقرر کر دیا گیا ہے۔ اسی سلسلے میں ڈاکٹر جواد حیدر ہاشمی کو سینئر وائس چیئرمین ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ جبکہ مہر علمدار حسین شیخانہ کو وائس چیئرمین ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ مقرر کیا گیا ہے۔ تحصیل پیر محل کے لیے مہر شہزاد محمود حراج کو تحصیل چیئرمین پیر محل، جناب سجاد جاوید کو سینئر وائس چیئرمین جبکہ جناب نظر عباس بھٹی کو وائس چیئرمین تحصیل پیر محل مقرر کیا گیا ہے۔ مہر علمدار حسین شیخانہ کا اظہارِ تشکر نو منتخب وائس چیئرمین ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ، مہر علمدار حسین شیخانہ نے اپنی تقرری پر مرکزی قیادت کا خصوصی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ اعلیٰ قیادت کے تہہ دل سے شکر گزار ہیں کہ انہیں اس اہم ذمہ داری کے لیے قابل سمجھا گیا۔ انہوں نے بالخصوص سینٹرل کوآرڈینیٹر پاکستان، علامہ سید شاہد عباس نقوی صاحب کا خصوصی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ان پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے انہیں یہ اہم عہدہ عطا کیا، جو ان کے لیے باعثِ اعزاز ہے۔ مہر علمدار حسین شیخانہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ کمیٹی کی پالیسی، قیادت کی رہنمائی اور مشاورت کے مطابق ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں امن، بین المذاہب ہم آہنگی، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 47)

موضع جھیڈ وامرو داں والا روڈ پر سی سی ڈی اور خطرناک ڈاکوؤں میں مبینہ مقابلہ۔ اوکاڑہ فائرنگ کے تبادلہ میں دو ڈاکو ہلاک دو فرار

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) اوکاڑہ/مبینہ پولیس مقابلہ دو ڈاکو ہلاک۔ اوکاڑہ موضع جھیڈ وامرو داں والا روڈ پر سی سی ڈی اور خطرناک ڈاکوؤں میں مبینہ مقابلہ۔ اوکاڑہ فائرنگ کے تبادلہ میں دو ڈاکو ہلاک دو فرار ہو گئے۔ اوکاڑہ سی سی ڈی کے ڈی ایس پی مہر یوسف اور انسپیکٹر سیف اللہ نفری کے ہمراہ سرکاری گاڑی میں تھے۔ اچانک سیدوالا کی جانب سے دو بلا نمبری موٹر سائیکلوں پر چار مشکوک افراد کو آتے دیکھا۔ سی سی ڈی پولیس نے رکنے کا اشارہ کیا تو ملزمان نے موٹر سائیکلیں پھینک دیں۔ ملزمان نے سرکنڈوں میں داخل ہو کر سی سی ڈی پولیس پر فائرنگ کر دی۔ سی سی ڈی کی طرف سے جوابی فائرنگ سے دو ملزمان (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 48)

تبسم نواز، محمد عظیم، محمد حسن، فرض شناس ٹریفک اہلکاروں کو شہری کی جان بچانے پر ایوارڈ کا اعلان کرتے ہیں؛ ڈاکٹر اظہر حسن چوہدری

شیر گڑھ (نامہ نگار) تبسم نواز، محمد عظیم، محمد حسن، فرض شناس ٹریفک اہلکاروں کو شہری کی جان بچانے پر ایوارڈ کا اعلان کرتے ہیں؛ ڈاکٹر اظہر حسن چوہدری؛ تفصیلات کیمطابق گزشتہ روز شیر گڑھ کا شہری محمد اقبال اچانک ہارٹ اٹیک آنے کے سبب پرائیویٹ گاڑی پر ہسپتال اوکاڑا جا رہا تھا جب ہسپتال سے کچھ دوری پر قریب پہنچا تو پہلے سے ٹریفک حادثے کی بناء پر شدید ٹریفک بلاک تھی جسکی بناء پر مریض والی گاڑی بھی رش میں پھنس گئی مریض کی انتہائی سیریس حالت کے پیش نظر مذکورہ ٹریفک اہلکاروں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 56)

سید علی جاوید شاہ بخاری کا کوآرڈینیٹر سول سولجر موومنٹ بننا خوش آئند ہے؛ حاجی عبدالجبار بھٹی

شیر گڑھ (نامہ نگار) سید علی جاوید شاہ بخاری کا کوآرڈینیٹر سول سولجر موومنٹ بننا خوش آئند ہے؛ حاجی عبدالجبار بھٹی؛ تفصیلات کیمطابق الحاج عبدالجبار بھٹی، میاں محمد اشرف، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 57)

ایک استاد صرف علم فراہم نہیں کرتا بلکہ وہ طلباء کی شخصیت سازی، اخلاقی تربیت اور ذہنی نشوونما میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے، میاں محمد جہانگیر احمد وٹو

پاکپتن (نامہ نگار) ایکسپلورو ہلی سکول کچہری روڈ پاکپتن کے پرنسپل اور معروف ماہر تعلیم میاں محمد جہانگیر احمد وٹو نے کہا ہے کہ ایک استاد صرف علم فراہم نہیں کرتا بلکہ وہ طلباء کی شخصیت سازی، اخلاقی تربیت اور ذہنی نشوونما میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے، ان خیالات کا اظہار ان خیالات کا اظہار ایکسپلورو ہلی سکول کچہری روڈ پاکپتن کے پرنسپل میاں محمد جہانگیر احمد وٹو نے بیچر ڈے تحسین پیش کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ اساتذہ قوم کے معمار اور مستقبل کے محافظ ہیں جن کی محنت اور لگن سے طلباء اپنی زندگیوں میں کامیابی کی راہ ہموار کرتے ہیں اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے اساتذہ کی قدر کرنے اور انکے مرتبے کو پہچاننے کی توفیق عطا فرمائے، انہوں نے اس موقع پر والدین اور معاشرے سے بھی اپیل کی کہ اساتذہ کا احترام کریں اور انکی محنت کو سراہیں، زیر تعلیم بچوں کے والدین نے کہا کہ ایکسپلورو ہلی سکول کچہری روڈ پاکپتن کے پرنسپل میاں محمد جہانگیر احمد وٹو نے اپنی بے پناہ قائدانہ صلاحیتوں اور تعلیمی ویژن کے تحت سکول کو اعلیٰ معیار تک پہنچایا ہے اور ان کی قیادت میں ادارہ ہمیشہ علم (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 43)

مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ تعمیر و ترقی اور عوامی خدمت کی سیاست کو فروغ دیا ہے، فیاض ظفر چوہدری

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما فیاض ظفر چوہدری نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ تعمیر و ترقی اور عوامی خدمت کی سیاست کو فروغ دیا ہے، موٹرویز، شاہراہوں، بجلی کے منصوبوں، صحت، تعلیم، انفراسٹرکچر اور دیگر شعبوں میں کیے جانے والے ترقیاتی اقدامات اس امر کی عکاسی کرتے ہیں کہ مسلم لیگ (ن) کی سیاست کا بنیادی محور عوام کو سہولیات کی فراہمی اور ملکی ترقی کا مکمل آگے بڑھانا ہے، ماضی میں بھی مسلم لیگ (ن) کی حکومتوں نے مشکل معاشی اور سیاسی حالات کے باوجود ملکی معیشت کو سنبھالنے، بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے اور ترقیاتی سرگرمیوں کو جاری رکھنے کے لیے مختلف اقدامات کیے جبکہ موجودہ حکومت بھی اسی وژن کو آگے بڑھاتے ہوئے معیشت کے استحکام، سرمایہ کاری کے فروغ، کاروباری سرگرمیوں میں اضافے اور عوامی فلاح کے منصوبوں پر توجہ دے رہی ہے وفاقی اور پنجاب حکومت کی جانب سے عوامی سہولت اور فلاح کے متعدد منصوبوں پر تیزی سے

Faisalabad Development Authority Faisalabad

PUBLIC NOTICE

Faisalabad Development Authority Faisalabad intends to tender out the following work through E-Tendering vide Notification No.SO(I&C-I)5-4/2024 dated 09-05-2024. All contractors who are registered with Pakistan Engineering Council (PEC) for the financial year 2026-27 haring a category C-4 and above with valid code CE02 (i, ii & v) can participate in open E-Tendering system upon registration with new website E-Procurement System subject to fulfillment of eligibility criteria given below. Single stage single envelope procedure will be adopted strictly inaccordance with PPRA Rules 2014. (with up to date amendments). Contractors can participate in E-Tendering after fulfilling terms & conditions given below:

Sr. No.	Name of work	Estimated Cost 5% Bid security	T.s No & Date	Time Limit
1	Construction of protected U-Turn Bridge b/w treat bakery and pipan wala Bridge and removal of bottle necks alongside the canal at Canal Road Faisalabad	Rs.170,688,000/- Rs. 8,534,400/-	No.CE/FDA-2026/ R-37/534 28-09-2026	(03) Months

Terms & Conditions:

i. Contractor / bidder may register firm on new website E-Procurement System/ https://ep.punjab.gov.pk/auth/login of Public Procurement Regulatory Authority (PPRA) by submitting their requisite information.
ii. After registration on E-Tendering new website E-Procurement System /https://ep.punjab.gov.pk/auth/login contractor of eligible categories may participate in EProcurements.
iii. Bidding documents will be immediately available after uploading of this notice on E-Procurement System / https://ep.punjab.gov.pk/auth/login website.
iv. The bidders / contractors have to work out and fill the amount against "each item" and indicate the total amount of his bid on which he is willing to complete the work (all such financial bids are liable to be treated as "Incomplete bids" which are non-complete with the PPRA Circular No. L&M(PPRA) 10-1/2011/008595, dated. 11.10.2024) and electronically upload the same up to 14-10-2026 at 10:30 AM After reviewing bid document of the scheme available at website, the rates quoted by the contractor will be downloaded from website and announced on same date at 11:30 AM in the office of the Deputy Director Engineering,(UD-I) FDA, Faisalabad.
v. The interested bidders / contractors / firms can obtain the publish tender notice through new website E-Procurement System /https://ep.punjab.gov.pk/auth/login and electronically uploaded their rates through E-Procurement System.
vi. A Bid security @ 5% of estimated price shall be submitted electronically through E-Procurement System / https://ep.punjab.gov.pk/auth/login. Physical financial instruments such as CDRs, Pay orders or Bank Guarantees shall not be accepted.
vii. The procuring agency may reject all bids or proposal at any time prior to the acceptance of a bid or proposal and the procuring agency shall upon request communicate to any bidder, the grounds for its rejection of all bids or proposals, but shall not be required to justify those grounds under PPRA Rules.
viii. The firm / contractor shall be responsible for payment of all applicable taxes at the time of release of payment as admissible under the rules.
ix. Lowest / successful bidder has to submit electronically performance guarantee @ 10 % of bid amount as per PPRA Rules 56, within 15 days after issuance of letter of intent, otherwise the tender of the lowest bidder will stand cancelled & bid security will be forfeited in favor of FDA, Faisalabad.
x. PPRA Rules and their circulars / clarifications will be strictly applicable.

Note:
i. The URL of the website of the PPRA is (https://ep.punjab.gov.pk/auth/login) and response time shall be calculated exclusively from the date of publication of the advertisement on the website of the PPRA.
ii. Only those bids of the contractor shall be considered / valid which are quoted on the DNIT / BOQ downloaded directly from the PPRA new website E-Procurement System / https://ep.punjab.gov.pk/auth/login. Any rates quoted on DNIT obtained from the Department shall not be accepted.
iii. If there is a public holiday on the receiving / opening of the tender, the tender will be opened on the next working day.
iv. Each page of bid shall be duly signed and stamped by the bidder, failing which the bid shall be rejected.
v. For Grievance Redressal Committee (GRC), the procuring agency has constituted a committee under chapter-X, Sr. No.67 of PPRA Act.

Website: www.fda.gov.pk
Email: fdafsd@yahoo.com
Facebook: FaisalabadDevelopmentAuthority

Deputy Director (Engg/UD-I)
Faisalabad Deve; Authority
Faisalabad.

GOVERNMENT OF THE PUNJAB
PLANNING & DEVELOPMENT BOARD
Punjab Socio-Economic Registry (PSER)
42, Block A, New Muslim Town, Lahore

CORRIGENDUM

Extension of Date

Reference is invited to the Tender Notice advertisement IPL No.10189 dated 27-09-2026 and 29-09-2026 was published in the newspaper daily Dunya (Lahore) and daily Dawn by Punjab Socio-Economic Registry (PSER). The date and time for submission and opening of bids mentioned in the tender notice are hereby extended / re-scheduled as under:

Tender Notice for	Bid Closing	Bid Opening
Procurement of IT Equipment	20.10.2026 11:00 AM	20.10.2026 11:30 AM

Accordingly, the bids shall be submitted online through the Punjab e-Procurement System (eP) at https://ep.punjab.gov.pk by 11:00 AM on 20th October, 2026, and the bids shall be opened at 11:30 AM on the same date, in accordance with the applicable PPRA Rules.

All other terms and conditions of the original Tender Notice / Invitation to Bidders shall remain unchanged.

Manager (Procurement & Contract)
Punjab Socio-Economic Registry
Planning & Development Board
42-A, New Muslim Town, Lahore
042-99330095

IPL:10484

اشتہار برائے سحر
بعدالت جناب محمد اجمل خاں وٹو صاحب سول جج/جج فیملی کورٹ قصور
حمیرا بنام محمد عمر فاروق
دعویٰ۔تنسیخ نکاح۔اشتہار بنام؛۔
محمد عمر فاروق ولد محمد یونس سکنہ مکان نمبر A-48 تحصیل کوٹرادھا کشن ضلع قصور حال مقیم نندکا تیکہ تحصیل وضلع قصور مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار بذریعہ سمن /نوٹس طلب کیا گیا۔مگر مدعا علیہ حاضر عدالت نہ آیا ہے۔چونکہ مقدمہ ہذا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ناممکن معلوم ہوتی ہے۔لہذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 06-10-2026 بوقت 8 بجے بمقام قصور عدالت ہذا میں اصالتاً وکالتاً حاضر آویں۔بصورت دیگران کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔آج بدستخط ہمارے ومہر عدالت سے جاری کیا ہوا۔
Cr..Bhutta

بعدالت جناب ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) قصور
غلام مصطفیٰ بنام امداد حسین وغیرہ مقدمہ نمبر 26LHR005180167AC درخواست تقسیم۔ اشتہار بنام۔ امداد حسین نمائندہ بگ برڈ پولٹری بریڈرز پرائیویٹ لمیٹڈ واں آدھن پتوکی قصور، خورشید احمد دختر شیر محمد، محمد بشیر ولد راحیل، مقبول بی بی دختر امین علی، نذیر احمد ولد فقیر محمد، رحمت علی ولد مہر دین، مشتاق ولد نور محمد، مانگا ولد ماہلہ، محمد عارف ولد ولی محمد، محمد یسین ولد بجوارہ، محمد یونس ولد سراج، سوہن ولد غلام محمد، شمشیر ولد راحیل، محمد سرور ولد بجوارہ، محمد طیب ولد محمد یسین، محمد عثمان ولد محمد یسین، محمد اختر ولد منیر علی، اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول واں آدھن پتوکی قصور، خرم طفیل پٹواری سرکل واں آدھن پتوکی قصور مسئول علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 08-10-2026 کو حاضر عدالت آویں۔بصورت دیگر کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔
Cr..Bhutta

بعدالت جناب محترمہ صائمہ پرویز بٹ صاحبہ سول جج/جج فیملی کورٹ قصور
حمیرا مہدی بنام جہانگیر حسین دعویٰ۔تنسیخ نکاح۔اشتہار بنام؛۔جہانگیر حسین ولد فقیر حسین سکنہ گلی نمبر 9 محلہ رکن پورہ قصور مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار بذریعہ سمن /نوٹس طلب کیا گیا۔مگر مدعا علیہ حاضر عدالت نہ آیا ہے۔چونکہ مقدمہ ہذا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ناممکن معلوم ہوتی ہے۔لہذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 13-10-2026 بوقت 8 بجے بمقام قصور عدالت ہذا میں اصالتاً وکالتاً حاضر آویں۔بصورت دیگران کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔آج بدستخط ہمارے ومہر عدالت سے جاری کیا ہوا۔
Cr..Bhutta

جناب محترمہ صائمہ پرویز بٹ صاحبہ سول جج/جج فیملی کورٹ قصور
مسماۃ نسیم بابرہ بنام لطیف حسین
دعویٰ۔تنسیخ نکاح۔اشتہار بنام؛۔
لطیف حسین ولد محمد حسین قوم بھٹی سکنہ یزمان منڈی ہیڈ راج خاں بہاولپور 0320-3234506 مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار بذریعہ سمن /نوٹس طلب کیا گیا۔مگر مدعا علیہ حاضر عدالت نہ آیا ہے۔چونکہ مقدمہ ہذا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ناممکن معلوم ہوتی ہے۔لہذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 12-10-2026 بوقت 8 بجے بمقام قصور عدالت ہذا میں اصالتاً وکالتاً حاضر آویں۔بصورت دیگران کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔آج بدستخط ہمارے ومہر عدالت سے جاری کیا ہوا۔
Cr..Bhutta

بعدالت جناب محمد اجمل خاں وٹو صاحب سول جج درجہ اول قصور
محمد رمضان بنام پروین بی بی دعویٰ۔اعادہ حقوق زن آشوئی۔اشتہار بنام۔ پروین بی بی دختر بشیر احمد قوم ارائیں سکنہ دیناناتھ چک نمبر 66 تحصیل پتوکی ضلع قصور مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار بذریعہ سمن /نوٹس طلب کیا گیا۔مگر مدعا علیہ حاضر عدالت نہ آیا ہے۔ چونکہ مقدمہ ہذا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ناممکن معلوم ہوتی ہے۔لہذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 06-10-2026 بوقت 8 بجے بمقام قصور عدالت ہذا میں اصالتاً وکالتاً حاضر آویں۔بصورت دیگران کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔آج بدستخط ہمارے ومہر عدالت سے جاری کیا ہوا۔
Cr..Bhutta

بعدالت جناب محترمہ صائمہ پرویز بٹ صاحبہ سول جج/جج فیملی کورٹ قصور
مہوش بنام محمد طلحہٰ
دعویٰ۔تنسیخ نکاح۔اشتہار بنام؛۔
محمد طلحہٰ ولد محمد یعقوب قوم میو سکنہ چھٹیانوالہ تحصیل وضلع قصور مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار بذریعہ سمن /نوٹس طلب کیا گیا۔مگر مدعا علیہ حاضر عدالت نہ آیا ہے۔ چونکہ مقدمہ ہذا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ناممکن معلوم ہوتی ہے۔لہذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 14-10-2026 بوقت 8 بجے بمقام قصور عدالت ہذا میں اصالتاً وکالتاً حاضر آویں۔بصورت دیگران کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔آج بدستخط ہمارے ومہر عدالت سے جاری کیا ہوا۔
Cr..Bhutta

Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
روزنامہ سحر لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

پی ٹی آئی لانگ مارچ میں سرکاری وسائل کا استعمال

پی ٹی آئی کے لانگ مارچ میں سرکاری وسائل کے استعمال، مسلح عناصر کی موجودگی اور عدالتی فیصلے کی مبینہ خلاف ورزی کا معاملہ سامنے آ گیا، جس پر مختلف سوالات اٹھنے لگے ہیں۔گزشتہ روز، زیر اعلیٰ خیبر پختونخوا اسلام آباد ہائیکورٹ کے احکامات کو پسِ پشت ڈال کر سرکاری ہیلی کاپٹر پر لانگ مارچ کے لیے لکی مروت پہنچے تھے۔اسلام آباد ہائیکورٹ نے 18 ستمبر کو پی ٹی آئی لانگ مارچ سے متعلق 37 صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ جاری کیا تھا جس میں صوبائی حکومتوں، بشمول وزرائے اعلیٰ کو سیاسی مارچ یا احتجاج کے لیے سرکاری وسائل کا استعمال نہ کرنے کا واضح حکم دیا گیا تھا۔عدالتی حکم تھا کہ اسلام آباد کی طرف جانے والے کسی بھی مارچ یا سیاسی احتجاج کے لیے سرکاری فنڈز، گاڑیوں، ہیلی کاپٹر، یا سرکاری اہلکاروں اور مشینری کا استعمال نہ کیا جائے، پرامن احتجاج آئینی حق ہے مگر اسلحہ ساتھ لانے کی ہرگز اجازت نہیں۔دوسری جانب، انٹیلی جنس ذرائع کے مطابق سوشل اور ڈیجیٹل میڈیا پر گردش کرنے والی تصاویر کے مطابق پی ٹی آئی لانگ مارچ کے شرکاء میں اسالٹ رائفلز سے لیس مسلح افراد موجود ہیں۔انٹیلیجنس ذرائع کے مطابق اس بات کی تصدیق بھی کی گئی ہے کہ تصویر میں ہتھیار کے ساتھ دیکھے جانے والے اشخاص میں ایک کی شناخت خارجی گل بہادر گروپ کے اہلکار خارجی شہید اللہ عرف غازی کے طور پر کی گئی ہے۔شناخت ہونے والا خارجی شہید اللہ عرف غازی مکین کا ہی رہائشی ہے اور متعدد دہشت گرد حملوں میں حصہ لے چکا ہے۔انٹیلی جنس ذرائع کے مطابق مارچ کی آڑ میں چھپے دوسرے دہشت گردوں کی نشان دہی کا عمل جاری ہے۔عدالتی حکم کے باوجود پی ٹی آئی کارکنان ماضی بالخصوص 2024 کے دھرنے میں بھی پرتشدد کارروائیوں اور اسلحے کی نمائش اور استعمال میں ملوث رہے ہیں۔یاد رہے کہ 2024 کے پی ٹی آئی احتجاج میں مسلح کارکنان کے تشدد سے 4 رینجرز اہلکار شہید، 66 پولیس اہلکار اور 36 شہری زخمی ہوئے تھے۔دوسری جانب وزیر دفاع خواجہ ا؟صف نے پاکستان تحریک انصاف سے 8 سوالات کے جواب مانگ لیے۔خواجہ ا؟صف نے ایکس پر پوسٹ کرتے ہوئے لکھا کہ آج تحریک انصاف کی یہ دلیل مسلسل سننے کو ملی کہ ''ہمیں دہشتگردی کے خلاف پالیسی بنانے نہیں دی گئی۔اس جھوٹے دعوے پر میرے تحریک انصاف سے 8 بنیادی سوالات ہیں: 1- گزشتہ 13 سال سے خیبر پختونخوا میں آپ کی حکومت رہی، وفاق میں بھی آپ اقتدار میں رہے، آپ کو دہشتگردی کے خلاف پالیسی بنانے سے کس نے روکا؟ نیشنل ایکشن پلان پر عمل سے کون سے پالیسی روک رہی ہے؟ اپیکس کمیٹی میٹنگز بلانے سے کونسی پالیسی روک رہی ہے۔2- دہشتگرد کو دہشتگرد کہنا، افغانستان سے آنے والے دہشتگردوں کی مذمت کرنا، پاک فوج اور عوام پر حملوں کے خلاف کھل کر افواج کے ساتھ کھڑا ہونے کے لئے آپکو کس پالیسی کی ضرورت ہے؟۔3 ؟- حالیہ دنوں میں افغانستان کی جانب سے کوہاٹ میں ڈرون حملے کیے گئے۔آپ کی صوبائی حکومت نے ان حملوں کی کھل کر مذمت کیوں نہیں کی؟ کونسی پالیسی آپ کو روکتی رہی؟۔؟- افغان سرزمین سے پاکستان کی سرحدی چوکیوں اور فوجی جوانوں پر فائرنگ ہوتی ہے، دراندازی ہوتی ہے اور دہشتگردوں کی براہِ راست یا بالواسطہ معاونت کی جاتی ہے۔آپ نے آج تک کتنی مرتبہ افغان رجیم کا نام لے کر ان سرحدی خلاف ورزیوں پر احتجاج یا مذمت کی؟ اس کے لیے کس ''پالیسی'' کی ضرورت ہے؟5- آپ کے اپنے صوبے میں دہشتگردی کے لیے معاون غیر قانونی معیشت جیسا کہ بھتہ خوری، اسمگلنگ اور نان کسٹم پیڈ گاڑیوں کے کاروبار کو ختم کرنے کے لیے گزشتہ 13 سال میں آپ نے کون سے عملی اقدامات کیے اور اگر کیے تو وہ بتائیں؟۔6- دہشت گردی کے خلاف برسرِ پیکار سیکیورٹی فورسز روزانہ کی بنیادوں پر اپنی قربانیاں دے رہی ہیں تم نے ان فورسز سے کتنی دفعہ انکی پوسٹوں پر جا کر ان سے اظہار یکجہتی کیا؟ اور تو اور خیبر پختونخوا کے عوام جو خود بھی دہشت گردی کا نشانہ بنتے ہیں تم نے کتنی دفعہ جا کر ان یتیموں کے سر پر دست شفقت رکھا؟7- دہشت گردی کے خلاف ریاست پاکستان کے بیانیے کو تم مختلف ہتھکنڈوں اور طریقوں سے کنفیوز کیوں کرتے ہو۔تم خوارج کو خوارج کیوں نہیں کہتے اور ان خوارج کا نام لے کر انکی مذمت کیوں نہیں کرتے؟ اسکے لئے کونسی پالیسی چاہیے؟8- ان تمام باتوں سے صرف ایک اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ 13 سال کی حکمرانی میں آپ نے کرپشن نے کو بے پناہ فروغ دیا صوبے کے وسائل کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا، سوشل میڈیا پر آپکے قومی وصوبائی ممبران ایک دوسرے پر کھل کر کروڑوں اربوں لوٹنے کے الزام لگاتے ہیں۔ایک خاتون MNA کھل کر میڈیا پر بیرون ملک سے آنے والے کروڑوں روپے کے پارٹی فنڈز خورد برد کرنے کا الزام لگاتی ہیں۔

www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com
MEMBER APNS باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED
Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
روزنامہ سحر لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

کردار سازی اور بہتر معاشرے کی تشکیل میں استاد کا رول کلیدی

چیئرپرسن تعلیمی بورڈ

پڑھنے پڑھانے اور کردار سازی کیا یکو سسٹم کو ایک استاد ہی بہتر بنا سکتا ہے اس لیے استاد کو پڑھاتے وقت بڑے مقصد پر فوکس کرنا چاہیے تاکہ ایک طالبعلم معاشرے کیلئے سود مند بن سکے کیونکہ یہ ایک استاد کی قومی اور مذہبی ذمہ داری بھی ہے

استاد کا کردار معاشرہ سازی میں ہمیشہ رہا ہیاور رہے گا۔اے آئی کبھی بھی استاد کا متبادل نہیں ہوسکتا ، استاد ایک طرح کا تخلیق کار ہوتا ہے جو طلبہ کے ذہنوں کے بند دریچے کھولتا ہے استاد بچوں کو کھلی آنکھوں سے خواب دیکھنا سکھاتا ہے

گوجرانوالہ۔میٹل ایسوسی ایشن اور اسکریپ ایسوسی ایشن کی جانب سے صدر چیمبر شیخ غلام حسین جج کو گلدستہ پیش کیا جارہا ہے اس موقع سینئر نائب صدر محمد ارشد مغل، نائب صدر رانا محمد فرحان اصغر، سابق صدر و چیئرمین بزنس گروپ رانا ناصر، ایگزیکٹو اراکین و دیگر موجود ہیں

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) پڑھنے پڑھانے اور کردار سازی کیا یکو سسٹم کو ایک استاد ہی بہتر بنا سکتا ہے اس لیا استاد کو پڑھاتے وقت بڑے مقصد پر فوکس کرنا چاہیے تا کہ ایک طالبعلم معاشرے کیلئے سود مند بن سکے کیونکہ یہ ایک استاد کی قومی اور مذہبی ذمہ داری بھی ہے۔ان خیالات کا اظہار چیئرپرسن گوجرانوالہ تعلیمی بورڈ پروفیسر ڈاکٹر اقصی شبیر نے پنجاب کالجز اور بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن گجرانوالہ کیا شتراک سے ٹیچر ڈے کیحوالے سے پی جی سی یونیورسٹی کیمپس میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن پنجاب کالجز محمد شہزاد رفیق، کنٹرولر امتحانات بورڈ چوہدری ندیم احمد، سیکرٹری بورڈ پروفیسر رشید احمد بھٹی، ریسرچ اینڈ کوارڈینیشن آفیسر عاطف امداد تارڑ و دیگر بورڈ افسران، پرنسپل پنجاب کالجز محمد سلمان ڈین یونیورسٹی کیمپس شاہد سلیم خواجہ، ہیڈ بی ایس پروگرامز شمیم اختر گورنمنٹ اور پرائیویٹ تعلیمی اداروں کیا ساتذہ بھی موجود تھے اساتذہ کو خراج تحسین پیش کر تیکیلئے چیئرمین تعلیمی بورڈ ڈاکٹر اقصی شبیر ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن پنجاب کالجز محمد شہزاد رفیق نے اپنے رفقا اور اساتذہ کے ہمراہ ایک کیک بھی کاٹا۔تقریب سیخطاب کرتے ہوئے چیئرپرسن تعلیمی بورڈ ڈاکٹر اقصی شبیر نے کہا کہ استاد کا کردار معاشرہ سازی میں ہمیشہ رہا ہیاور رہے گا انہوں نیکہا کہ اے ائی کبھی بھی استاد کا متبادل نہیں ہوسکتا تقریب سیخطاب کرتے ہوئیڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن محمد شہزاد رفیق نے کہا کہ استاد ایک طرح کا تخلیق کار ہوتا ہجو طلبہ کے ذہنوں کیبند دریچے کھولتا ہے استاد بچوں کو کھلی آنکھوں سے خواب دیکھنا سکھاتا ہے اختتام پر ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن پنجاب کالجز محمد شہزاد رفیق چیئرپرسن بورڈ ڈاکٹر اقصی شبیر، کنٹرولر بورڈ ندیم احمد اور سیکرٹری بورڈ رشید احمد بھٹی کو کالج کی طرف سے سوینئر بھی دیئے اس موقع پر تمام اساتذہ میں سوینئر تقسیم، انہیں پھولوں کے گلدستے پیش کر کے خراج تحسین پیش کیا گیا۔

☆☆☆☆

پنجاب کونسل آف دی آرٹس کے زیر اہتمام قرآنی خطاطی کی شاندار نمائش کا انعقاد

معروف کاتب قرآن محمد خاور جاوید بٹ کے فن پاروں نے نمائش کو روحانی وفنی حسن بخش دیا

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) پنجاب کونسل آف دی آرٹس ڈویژن کے زیر اہتمام معروف کاتب قرآن محمد خاور جاوید بٹ کیفن پاروں پر مشتمل قرآنی خطاطی کی شاندار نمائش کا انعقاد کیا گیا۔جس میں قرآن کریم کی آیات کو مختلف خوبصورت اور دلکش خطاطی کے انداز میں پیش کیا گیا، تقریب میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات، فنکاروں، ادیبوں، خطاطوں اور شہریوں نے شرکت کی اور نمائش میں رکھے گئے فن پاروں کا مشاہدہ کیا۔شرکا نے کہا کہ ایسی سرگرمیاں اسلامی فنون اور بالخصوص قرآنی خطاطی کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔اس موقع پر مقررین نے پنجاب کونسل آف دی آرٹس، گوجرانوالہ ڈویژن کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ کونسل گوجرانوالہ ڈویژن میں فنونِ لطیفہ، ادب، ثقافت، خطاطی اور دیگر تخلیقی شعبوں کے فروغ کیلیے مؤثر کردار ادا کر رہی ہے۔کونسل کی جانب سے مقامی فنکاروں، ادیبوں، خطاطوں اور ہنرمندوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں، جس سے نہ صرف نئے ٹیلنٹ کی حوصلہ افزائی ہو رہی ہے بلکہ خطے کے شاندار ثقافتی ورثہ کو بھی اجاگر کیا جا رہا ہے۔مقررین نے کہا کہ قرآنی خطاطی محض ایک فن نہیں بلکہ قرآن کریم سے محبت، عقیدت اور روحانی وابستگی کے اظہار کا خوبصورت ذریعہ ہے۔

☆☆☆☆

قرآنِ کریم کی تلاوت، تعلیم اور پیغام کو عام کرنا ایک عظیم دینی خدمت ہے، آر پی او

پاکستانی قرا اپنی منفرد آواز، خوبصورت لحن، تجوید اور حسن قرات سیدنیا بھر میں پاکستان کا مثبت تعارف پیش کر رہے ہیں

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) بین الاقوامی شہرت یافتہ قاری قرآن، ممتاز معلم اور معروف مذہبی شخصیت قاری وسیم اللہ الامین نے ریجنل پولیس آفیسر خرم شہزاد حیدر وڑائچ سے ملاقات کی۔جس کے دوران قاری وسیم اللہ الامین نے اپنے خوب صورت لحن، اعلیٰ تجوید اور حسنِ قرات سے تلاوت کلامِ پاک پیش کی، جسے آر پی او خرم شہزاد حیدر وڑائچ نے بے حد سراہا اور قرآنی کلام کی خوبصورت ادائیگی پر قاری وسیم اللہ الامین کی تعریف کی۔اس موقع پر آر پی او نیقاری وسیم اللہ الامین کی دینی، قرآنی اور تدریسی خدمات کیحوالے سے گفتگو کرتے ہوئے ان کے علمی و روحانی سفر کے بارے میں دریافت کیا۔ملاقات کے دوران مدینہ منورہ اور خانہ کعبہ میں گزارے گئے تدریسی و روحانی لمحات، قرآنِ کریم کی تعلیم و ترویج اور عالمی سطح پر پاکستان کی نمائندگی کیحوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔آر پی او خرم شہزاد حیدر وڑائچ نے مالدیپ میں بین الاقوامی سطح پر منعقد ہونے والیتلاوت وقرات کے مقابلے میں بطور جج پاکستان کی نمائندگی کرنے پر قاری وسیم اللہ الامین کو مبارکباد پیش کی۔انہوں نیکہا کہ پاکستانی قرا اپنی منفرد آواز، خوبصورت لحن، تجوید اور حسنِ قرات کے باعث دنیا بھر میں پاکستان کا مثبت اور خوبصورت تعارف پیش کر رہے ہیں، جو پوری قوم کیلیے باعث فخر ہے۔آر پی او نے کہا کہ قرآنِ کریم کی تلاوت، تعلیم اور پیغام کو عام کرنا ایک عظیم دینی خدمت ہے، جبکہ قرآنِ پاک سے وابستگی نوجوان نسل کی اخلاقی و روحانی تربیت میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ قاری حضرات اور قرآنِ کریم کی تعلیم و ترویج سے وابستہ شخصیات معاشرے میں دینی شعور، اخلاقی اقدار اور روحانی تربیت کے فروغ کے لیے قابلِ قدر خدمات انجام دے رہی ہیں۔ریجنل پولیس آفیسر نے قاری وسیم اللہ الامین کی عالمی سطح پر قرآنی خدمات اور پاکستان کی نمائندگی کو سراہتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور کہا کہ ملک کا مثبت تشخص اجاگر کرنے اور قرآنِ کریم کی تعلیمات کو دنیا بھر میں پہنچانے والے پاکستانیوں کی خدمات قابلِ تحسین ہیں۔

گوجرانوالہ۔جٹ برادری کی جانب سے حمایت کے اعلان کے موقع پر منعقدہ اجلاس سے امیدوار این اے 77 راشد بشیر ورک، ایم پی اے عمر فاروق ڈار، مولوی محمد خالد جٹ و دیگر خطاب کر رہے ہیں

ایسوسی ایٹ ایڈوائزر وفاقی محتسب کل حافظ آباد میں کھلی کچہری لگائیں گے

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) ایسوسی ایٹ ایڈوائزر وفاقی محتسب ریجنل آفس غلام سرور کل بروز بدھ 10 بجے ڈپٹی کمشنر حافظ آباد کیآفس میں وفاقی محکموں کیخلاف عوامی شکایات سنیں گے۔اس روز رجسٹرڈ شکایات کی سماعت ہوگی۔

مفتی پیر ابوداؤد محمد صادق قادری علم و عمل کا روشن مینار تھے، اکبر نقشبندی

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) سنی اتحاد کونسل کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات الحاج مولانا محمد اکبر نقشبندی نے کہا ہے کہ مفتی پیر ابوداؤد محمد صادق قادری رضوی ولی کامل حق کے بیباک مبلغ، سچ کے ترجمان، زہد و تقویٰ، علم و عمل اور استقامت کا روشن مینار تھے، آپ کی زندگی قرآن و سنت کی پیروی میں گذری، جانشین ولی کامل صاحبزادہ پیر محمد داد رضوی آپ کے علم و سعادت کے وارث اور آستانہ عالیہ قادریہ مرکز اہلسنت زینت المساجد کے روشن مستقبل کی دلیل ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے مفتی پیر ابوداؤد محمد صادق کے گیارویں سالانہ یوم وصال کے موقع پر منعقدہ عرس مبارک سے خطاب کرتے ہوئے کیا

گندگی پھیلانے والے گرین بیلٹ کو نقصان پہنچانے والے مویشی تحویل میں لینے کا حکم

ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے علی الصبح شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور صفائی، گرین بیلٹس اور عوامی سہولیات سے متعلق انتظامات کا جائزہ لیا۔انہوں نے پرانے ریلوے اسٹیشن، ریلوے لائن، جی ٹی روڈ اور سٹی فلائی اوور کا دورہ کرتے ہوئیصفائی کی صورتحال کا معائنہ کیا

انہوں نے حافظ آباد روڈ کا بھی دورہ کیا، جہاں روڈ پر کوڑا کرکٹ کے ڈھیروں پر سخت ناراضی کا اظہار کرتے ہوئے مزید کوڑادان نصب کرنے اور گھروں سے کوڑا کرکٹ کی بروقت کلیکشن یقینی بنانے کی ہدایت کی

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے علی الصبح شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور صفائی، گرین بیلٹس اور عوامی سہولیات سے متعلق انتظامات کا جائزہ لیا۔انہوں نے پرانے ریلوے اسٹیشن، ریلوے لائن، جی ٹی روڈ اور سٹی فلائی اوور کا دورہ کرتے ہوئے صفائی کی صورتحال کا معائنہ کیا اور مسنگ مین ہول کورز کی فوری تنصیب یقینی بنانے کیا حکامات جاری کیے اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ شہر کے اہم مقامات اور شاہراہوں پر صفائی کے انتظامات میں مزید بہتری لائی جائے اور عوامی گزرگاہوں پر شہریوں کی حفاظت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔انہوں نے حافظ آباد روڈ کا بھی دورہ کیا، جہاں روڈ پر کوڑا کرکٹ کے ڈھیروں پر سخت ناراضی کا اظہار کرتے ہوئے مزید کوڑادان نصب کرنے اور گھروں سے کوڑا کرکٹ کی بروقت کلیکشن یقینی بنانے کی ہدایت کی۔انہوں نیکہا کہ صفائی کے عمل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔حافظ آباد روڈ پر بھینسوں کا گوبر پھینکنے والوں کیخلاف کارروائی کیلیپیرا فورس افسران کو بھی ہدایات جاری کی گئیں۔ڈپٹی کمشنر نے گوندلانوالہ روڈ کا دورہ کرتے ہوئے سڑک سے ملحقہ گرین بیلٹس کی دیکھ بھال اور صفائی کے انتظامات کا جائزہ لیا۔

گوجرانوالہ، قائم مقام ضلعی امیر جماعت اسلامی خالد محمود چہل، خالد احمد شیخ، ایم عارف کھوکھر، ڈاکٹر عابد جاوید شیخ، محمد نسیم قاضی، اسعد ہاشمی، اعظم کھوکھر، خالد حسین، آغا رضوان و دیگر اسعد کالونی میں البدر سکول کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات سے خطاب کر رہے ہیں

اسسٹنٹ ڈائریکٹر کی مرکز مصطفیٰ آمد، صارفین کے حقوق بارے آگہی فراہم کی

صارفین اپنے بنیادی حقوق سے آگاہی حاصل کریں اور اشیائے ضروریہ کی خریداری کے دوران رسید حاصل کریں

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) اسسٹنٹ ڈائریکٹر کنزیومر پروٹیکشن کونسل چوہدری محمد فاروق کی مرکز مصطفیٰ آمد، صارف حقوق اور کنزیومر پروٹیکٹ ایپ بارے آگہی دی' باخبر صارف نہ صرف اپنے حقوق کا تحفظ کرتا ہے بلکہ معاشرے میں معیاری اور بہتر خدمات کو فروغ دینے میں کردار ادا کرتا ہے۔انہوں نے کہا ہے کہ صارفین اپنے بنیادی حقوق سے آگاہی حاصل کریں اور اشیائے ضروریہ کی خریداری کے دوران کسی بھی قسم کی زیادتی، ناقص معیار، کم مقدار یا دیگر شکایت کی صورت میں متعلقہ فورم سے رجوع کریں۔

بعدالت جناب شہباز اقبال تارڑ صاحب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج گجرات،
مقدمہ: اپیل دیوانی ،عنوان: بابر عارف، بنام: زاہد حسین وغیرہ ،اشتہار بنام: ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر اسلام آباد، ڈائریکٹر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن اسلام آباد ،ہرگاہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہٰذا مدعا علیہم کو بذریعہ اخبار اشتہار طلب کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 15/10/2026 بوقت 8:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی دستخط ہمارے ومہر عدالت سے جاری ہوا ہے
Cr..Ghafa

از دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر صاحب لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ تحصیل گجرات
درخواست برائے درستگی نام ہرگاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ ٹیئین ولد محمد ارشد سکنہ ڈاکخانہ خاص چکریاں تحصیل وضلع گجرات نے درخواست گزاری ہے کہ میرا درست نام ٹیئین ہے جبکہ یونین کونسل لنگے نمبر 103 میں محمد ٹیئین درج ہے جو کہ درست نہ ہے لہٰذا یونین کونسل میں نام کی درستگی کروانا مقصود ہے اگر کسی کو عذر یا اعتراض ہوتو وہ اندر دس یوم زیر دستخطی سے رابطہ کریں بعد از میعاد اندراج کر دیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا
Cr..Ghafa

بعدالت جناب طالب حسین صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب جاوید اقبال صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ
ہرخاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ رانا محمد یوسف ولد محمد شفیع دین چک نمبر 653 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں محمد شفیع والد، سرداراں بی بی والدہ، پہلے فوت شدگان، انور زوجہ، محمد سرفراز، غلام محی الدین، عطاء محی الدین پسران زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔
Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب سردار عمر حسن خان صاحب سول جج درجہ اول/ فیملی کورٹ ساہیوال
نمبر مقدمہ سال 2026
نوعیت مقدمہ: دعویٰ تقسیم جائیداد
بعنوان مقدمہ: چوہدری طاہر جاوید وغیرہ بنام شہزاد احمد فاروق وغیرہ
اخبار اشتہار بنام: محمد اظہر ولد محمد علی قوم مغل سکنہ مکان نمبر 9A/2-BVII کینال کالونی ساہیوال، محمد عدنان فیصل ولد ریاست علی ساکنان چک نمبر 28/E-B تحصیل عارف والا ضلع پاکپتن شریف
ہرگاہ مقدمہ مندرجہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقرر 06-10-2026 کو اصالتاً وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کارروائی یک طرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا، آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔
Cr..Khizar

بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ/تحصیلدار صاحب اوکاڑہ
ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی حال محمد چوہدری محمد سلیم ولد فضل احمد کا انتقال وراثت 2 نور ایل تحصیل وضلع اوکاڑہ درج رجسٹرڈ ہوکر عدالت ہذا میں پیش ہوا ہے بازگشت میں سردار بیگم۔ محمد یعقوب۔ محمد نعیم۔ حافظ محمد زبیر۔ ابرار سلیم۔ محمد افضل سلیم پسران شگفتہ پروین۔ زاہدہ پروین۔ نرگس پروین۔ خالدہ پروین دختران متوفی وارثان ظاہر کیے گئے ہیں دیگر کوئی وارث یا حقدار ہو یا کسی کو کوئی عذر یا اعتراض ہو تو اشتہار ہذا کی اشاعت کے بعد سات یوم کے اندر عدالت ہذا میں پیش ہوکر اپنا عذر بیان کرے باصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد ازاں کوئی عضر قابل قبول نہ ہوگا
KhokharasifCr

بعدالت جناب فاروق احمد صاحب سول جج فرسٹ کلاس کھاریاں درخواست ج
گارڈین
مریم نورین بنام عوام الناس
اشتہار منجانب مریم نورین بیوہ علی عمران ساکن برنالی تحصیل کھاریاں ضلع گجرات
دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعلیہ کی تعمیل ہونا اسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا مدعلیہ کو بزریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 08-10-2026 کو عدالت حاضر ائیں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔
Cr..Afzal

بعدالت جناب میڈم سائرہ ارشد چیمہ صاحبہ سول جج درجہ اول/فیملی جج چشتیاں، دعویٰ:- اعادہ حقوق زن آشوئی ، آئندہ پیشی :2026-10-30 - غلام حسین بنام صفیہ بی بی زوجہ غلام حسین ذات بھٹی سکنہ بلال کوٹ زمیندارہ کالونی تحصیل چشتیاں ضلع بھاول نگر۔ ہرگاہ کہ دعویٰ عنوان بالا میں آپ/ مدعا علیہا کی تعمیل آسان طریقے سے ممکن نہ ھے۔ بذریعہ اشتہار ہذا آپ/ مدعا علیہا کو مطلع کیا جاتا ھے۔ کہ آپ/ مدعا علیہا بتقرر 2026-10-30 بوقت 8 بجے صبح عدالت ہذا میں اصالتا یا وکالتا پیش ھوں۔ بصورت دیگر آپ/ مدعا علیہ کے خلاف کارروائی یکطرفہ طور پر عمل میں لائی جائے گی۔ اور کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ھوگا
C/o..RM

بعدالت جناب میڈم نازش نواز کیانی صاحبہ جج فیملی کورٹ پسرور
دعویٰ دلا پانے خرچہ نان ونفقہ مدعیہ: ارشاد بی بی وغیرہ بنام محمد یاسین: اشتہار بنام محمد یاسین ولد محمد اسماعیل ساکن بھکروالی تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے بتقرر مقرر تاریخ 2026-10-10 بوقت 8 بجے صبح عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔
Cr..Shan

بعدالت جناب خالد حیات صاحب سول جج پسرور
دعویٰ استقرار حق معہ حکم امتناعی دوامی: شعیب علی بنام باشندگان دیہہ وغیرہ: اشتہار بنام اصغر علی۔ امجد علی پسران محمد حنیف ذات شیخ۔ محمد رفیق ولد رحمت علی۔ علی رضا ولد اصغر علی ذات منج ساکنان قلعہ کالر والہ تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے بتقرر 2026-10-21 بوقت 8 بجے صبح عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔
Cr..Shan

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر صاحب لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ضلع گجرات
درخواست برائے لیٹ اندراج پیدائش ہرگاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ نقاش بشیر ولد محمد بشیر ساکن محلہ امین آباد شاف گلہ سرگودھا روڈ گجرات تحصیل وضلع گجرات نے درخواست گزاری ہے کہ میری تاریخ پیدائش 27-02-1989 ہے کا لیٹ اندراج یونین کونسل میں کروانا مقصود ہے اگر کسی کو عذر یا اعتراض ہوتو وہ اندر دس یوم زیر دستخطی سے رابطہ کریں بعد از میعاد اندراج کر دیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا
Cr..Ghafa

بعدالت جناب شاہد نواز کھچی صاحب سینئر سول جج سول ڈویژن سرگودھا
دعوی استقرار حق
رحمت بنام چیئرمین نادرا وغیرہ
کے فرائض سرانجام دیں گے۔سینیٹ سیکریٹریٹ کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر 4 اکتوبر 2026 سے قائم مقام چیئرمین سینیٹ کے فرائض انجام دیں گے۔سیدال خان ناصر چیئرمین سینیٹ کی بیرون ملک سرکاری مصروفیات کے دوران قائم مقام چیئرمین کی حیثیت سے ایوان بالا کے امور کی نگرانی کریں گے اور سینیٹ سے متعلق آئینی و پارلیمانی ذمہ داریاں انجام دیں گے۔نوٹیفکیشن اسلامی جمہوریہ پاکستان کی متعلقہ آئینی شقوں کے تحت جاری کیا گیا ہے۔چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کی وطن واپسی تک سیدال خان ناصر قائم مقام چیئرمین سینیٹ کے طور پر فرائض سرانجام دیں

بقیہ 11 سحر

خیبر پختونخوا میں دہشت گردی اور امن و امان کی صورتحال کے تناظر میں شہریوں نے پی ٹی آئی کے لانگ مارچ کی مخالفت کرتے ہوئے صوبائی حکومت سے احتجاجی سیاست کے بجائے عوامی مسائل پر توجہ دینے کا مطالبہ کیا ہے۔شہریوں نے بتایا کہ لانگ مارچ سے مسائل حل نہیں ہوتے، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کو بات چیت کے ذریعے معاملات حل کرنے چاہئیں۔شہریوں نے کہا کہ صوبے کے حالات پہلے ہی خراب ہیں، اس لیے وہ لانگ مارچ میں صوبائی حکومت کا ساتھ نہیں دیں گے۔انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی رہائی اور دیگر قانونی معاملات کے لیے عدالت سے رجوع کیا جائے، اس مقصد کیلئے لانگ مارچ کی ضرورت نہیں ہے۔شہریوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا پنجاب سے بہت پیچھے رہ گیا ہے، یہاں سڑکیں بند کرنے کے بجائے صوبے کی ترقی پر توجہ دی

بقیہ 12 سحر

نہیں مانگی ہے۔جی ٹی وی سے بات چیت میں فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ صدر پاکستان نے جیسے ہی رپورٹ مانگی تو تیار کر کے سفارشات سمیت بھیج دوں گا۔فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ صوبے میں امن وامان کی صورتحال ٹھیک نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ کے پی حکومت امن وامان کی صورتحال کے حوالے سے وفاقی حکومت سے تعاون نہیں کر رہی ہے۔

بقیہ 13 سحر

ضوں میں 67 ہزار ارب روپے کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔وفاقی وزارت خزانہ کی رپورٹ کے مطابق جون 2026 تک سرکاری قرضوں کا مجموعی حجم 86 ہزار 700 ارب روپے ہوگیا، جس میں 59 ہزار 400 ارب روپے مقامی جبکہ 27 ہزار 300 ارب روپے غیر ملکی سرکاری قرضہ شامل ہے۔رپورٹ کے مطابق جون 2016 میں سرکاری قرضوں کا حجم 19 ہزار 700 ارب روپے تھا، جس میں مقامی قرضہ 13 ہزار 600 ارب اور غیر ملکی قرضہ 6 ہزار 100 ارب روپے تھا۔وزارت خزانہ کے اعداد و شمار کے مطابق جون 2017 تک مجموعی سرکاری قرضہ 21 ہزار 400 ارب روپے، جون 2018 تک 24 ہزار 900 ارب روپے، جون 2019 تک 32 ہزار 700 ارب روپے اور جون 2020 تک 36 ہزار 400 ارب روپے ہوگیا۔اسی طرح جون 2021 تک سرکاری قرضوں کا حجم 39 ہزار 900 ارب روپے ریکارڈ کیا گیا، جو جون 2026 تک بڑھ کر 86 ہزار 700 ارب روپے تک پہنچ

بقیہ 14 سحر

خون کی بوتلیں لے کر فروخت کرنے کا الزام ہے۔پولیس نے وارڈ ماسٹر راجہ نعمان کے بیان پر مقدمہ درج کرلیا۔مقدمے کے متن کے مطابق وہ ایوننگ شفٹ میں ڈیوٹی پر موجود تھے کہ سینئر لیب ٹیکنیشن محمد رمضان نے انہیں اطلاع دی کہ صالح افتخار نامی نوجوان ڈاکٹر کے یونیفارم میں بلڈ بینک سے خون لینے آیا تھا، جسے پہلے بھی غلط طریقے سے خون حاصل کرنے سے منع کیا گیا تھا۔متن مقدمہ کے مطابق نوجوان دوبارہ آیا تو اسے قابو کرلیا گیا اور اس کے قبضے سے ایک موبائل فون برآمد ہوا۔ڈاکٹر کے یونیفارم میں ملبوس نوجوان اپنے ڈاکٹر ہونے کا کوئی ثبوت بھی پیش نہ کرسکا۔مقدمے میں الزام عائد کیا گیا ہے کہ ملزم جعلی طریقے سے خون کی خرید و فروخت کر رہا تھا۔پولیس کے مطابق ملزم کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کرلیا گیا ہے جبکہ واقعے کی مزید تفتیش جاری

بقیہ 15 سحر

پر رابطہ کیا۔شہزادہ فیصل بن فرحان نے عباس عراقچی سے ان کی بہن کے انتقال پر تعزیت اور دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق گفتگو کے دوران سعودی وزیر خارجہ نے عباس عراقچی سے ان کی بہن کے انتقال پر گہرے دکھ اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کے اہلِ خانہ سے بھی ہمدردی

بقیہ 16 سحر

جنگ کے دوران 2026 کا نوبیل امن انعام ملنے کے امکانات کم ہیں تاہم ماہرین کے مطابق گزشتہ سال کے واقعات کے باعث ان کا اثر رواں سال انعام کے فیصلے پر ضرور محسوس کیا جا سکتا ہے۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق گزشتہ سال وینزویلا کی ماریا کورینا ماچاڈو کو نوبیل امن انعام دیا گیا تھا، 125 سالہ تاریخ میں یہ فیصلہ اس لیے غیر معمولی قرار پایا کہ ٹرمپ کی جانب سے یہ انعام حاصل کرنے کے لیے مسلسل کوششیں کی جا رہی تھیں۔بین الاقوامی میڈیا رپورٹس کے مطابق انعام ملنے کے چند ہفتوں بعد ہی ماریا نے اپنا طلائی نوبیل تمغہ ٹرمپ کو دے دیا تھا تاکہ وینزویلا میں جمہوریت کے لیے اپنی کوششوں کی حمایت حاصل کرسکیں۔امن تحقیق کے ادارے اوسلو کے قائم مقام سربراہ ہاکون گیرلوو کے مطابق نوبیل انعام کی کمیٹی رواں سال اس بات کو بھی مدِ نظر رکھ سکتی ہے کہ کسی فرد یا ادارے کو انعام دینے کے بعد اسے ٹرمپ کے دباؤ کا سامنا نہ کرنا پڑے، کمیٹی یہ بھی دیکھ سکتی ہے کہ انعام دینے سے فائدہ زیادہ ہوگا یا نقصان۔ماہرین نے ممکنہ امیدواروں میں پوپ لیو، عالمی فوجداری عدالت، عالمی عدالتِ انصاف اور مقبوضہ فلسطینی علاقوں کے لیے اقوامِ متحدہ کی خصوصی نمائندہ فرانسیسکا البانیز کا نام لیا ہے۔واضح رہے کہ نوبیل امن انعام کا اعلان 9 اکتوبر کو ہوگا۔امریکا میں پیدا ہونے والے پہلے پوپ لیو نے جنگ کے خلاف آواز اٹھانے کا عزم ظاہر کیا۔ٹرمپ نے ایران کے خلاف امریکی کارروائی پر تنقید کرنے پر پوپ لیو کو کمزور قرار دیا تھا، پوپ کی مصنوعی ذہانت سے متعلق مذہبی دستاویز، مذاکرات اور تنازعات کے پرامن حل کی حمایت، تارکینِ وطن کے حقوق اور انسانی خدمات بھی انہیں ممکنہ امیدوار بناتی ہیں۔اسٹاک ہوم انٹرنیشنل پیس ریسرچ انسٹیٹیوٹ کے ڈائریکٹر کریم ہیگگ نے رائٹرز کو بتایا کہ پوپ صرف مذہبی شخصیت نہیں بلکہ عالمی سطح پر ایک اہم فکری رہنما کے طور پر بھی سامنے آئے ہیں۔دوسری جانب فرانسیسکا البانیز کو غزہ میں اسرائیلی کارروائیوں اور مغربی کنارے پر قبضے پر تنقید کے باعث امریکا اور اسرائیل کی مخالفت کا سامنا ہے۔رپورٹ کے مطابق ماہرین کا کہنا تھا کہ کمیٹی گزشتہ سال کے واقعات کے بعد نسبتاً غیر متنازع انتخاب بھی کرسکتی ہے تاکہ ٹرمپ کو ناراض کرنے کا امکان کم ہو، اس صورت میں سوڈان کے ہنگامی امدادی مراکز یا جنگ زدہ علاقوں میں بچوں کے لیے کام کرنے والی غیر سرکاری تنظیم سیو دی چلڈرن کو انعام دیے جانے کا امکان زیر بحث ہے۔تاریخ دان اوئی وند اسٹینرسن کے مطابق نوبیل کمیٹی کو ٹرمپ کی جانب سے عالمی نظام کو درپیش چیلنجز کے جواب میں بین الاقوامی قانون، انسانی حقوق اور لبرل جمہوریت کے دفاع کو اہمیت دینا پڑ سکتی ہے، اس تناظر میں عالمی فوجداری عدالت یا عالمی عدالتِ انصاف کو انعام دینے پر بھی غور کیا جا سکتا ہے۔ٹرمپ کو کمبوڈیا، اسرائیل اور پاکستانی رہنماں کی جانب سے نوبیل امن انعام کے لیے نامزد کیے جانے کی اطلاعات ہیں تاہم ہاکون گیرلوو کے مطابق ان کے امکانات کافی کم ہیں۔نوبیل امن انعام یافتہ فلپائنی نژاد امریکی صحافی ماریا ریسا نے بھی گزشتہ سال کے واقعات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ عالمی معاملات صرف طاقت کی بنیاد پر طے نہیں ہونے

بقیہ 17 سحر

پالیسی 2025 کا اجراء کردیا، جو تقریباً 25 سال بعد ملک کی قومی ہاؤسنگ پالیسی میں پہلی جامع پیش رفت ہے اس سلسلے میں نیشنل یونیورسٹی آف سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی (نسٹ)، اسلام آباد میں ایک تقریب منعقد کی گئی، جہاں وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ اینڈ ورکس میاں ریاض حسین پیرزادہ نے پالیسی کا باضابطہ اجراء کیا۔وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی رابطہ ڈاکٹر مصدق مسعود ملک تقریب کے اعزازی مہمان تھے۔تقریب میں اعلیٰ حکومتی نمائندگان، ماہرینِ تعلیم، ترقیاتی شراکت داروں اور دیگر اہم اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی، جو پالیسی فریم ورک کو مؤثر عملی اقدامات میں ڈھالنے پر بڑھتی ہوئی توجہ کی عکاسی کرتی ہے۔نئی پالیسی ہر فرد کے لیے مناسب، سستی اور پائیدار رہائش کی فراہمی کے قومی عزم کو مزید مستحکم کرتی ہے۔یہ پالیسی پاکستان کی بدلتی ہوئی رہائشی اور شہری ترقی کی ضروریات سے نمٹنے کے لیے ایک جدید قومی فریم ورک فراہم کرتی ہے

بقیہ 18 سحر

استاد کا مرتبہ، عظمت لازوال ہے، اپنے شفیق ٹیچرز کے لئے آج بھی عزت واحترام کا جذبہ برقرار ہے۔ان کا کہنا تھا کہ اساتذہ معاشرے کا سب سے معتبر طبقہ ہے اور استاد ہی طالب علم کو فرش سے عرش کی جانب لے جاتا ہے، اچھا استاد علم ہی نہیں بلکہ ادب، اخلاقی اقدار اور معاشرتی روایات سے بھی روشناس کرواتا ہے۔وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ اچھا استاد معاشرے میں مثبت تبدیلیوں کی بنیاد رکھ سکتا ہے، حکومت پنجاب معیاری تعلیم کے فروغ کیلئے صوبہ بھر میں نواز شریف سکول آف ایمینس جیسے پروگرام متعارف کرا رہی ہے، طلبہ کو جدید علوم وفنون سے متعارف کرانے کے لئے پرائمری ایجوکیشن اے آئی متعارف کرا رہے ہیں۔مریم نواز شریف کا کہنا تھا کہ اساتذہ کرام کو انگلش بول چال، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور دیگر جدید طرز تدریس سے متعارف کرانے کے لئے ٹریننگ فری کرائی جارہی ہے۔

بقیہ 19 سحر

یف سی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں وفاقی وزیر صحت اور ڈی جی ایس آئی ایف سی نے صحت کے شعبے کی بہتری کے لیے کیے جانے والے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں مقامی سطح پر ویکسین کی تیاری، پلازما فریکشنیشن منصوبے اور قومی پالیسی پیکیج پر ہونے والی پیش رفت زیرِ غور آئی۔شرکا نے ڈرگ ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم کے نفاذ اور صحت کے شعبے کی برآمدی صلاحیت بڑھانے کے اقدامات پر بھی تبادلہ خیال کیا، پاکستان کے صحت اور فارماشعبے میں جدت، سرمایہ کاری اور ترقی کے فروغ میں ایس آئی ایف سی اہم کردار ادا کر رہی

بقیہ 20 سحر

کے اساتذہ کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ استاد معاشرے میں علم، شعور اور مثبت اقدار کے فروغ کا بنیادی ذریعہ ہے اور اساتذہ نوجوان نسل کی سوچ اور مستقبل کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ مضبوط اور ترقی یافتہ پاکستان کے لئے علم و تحقیق سے آراستہ نسل کی تیاری ضروری ہے، اس مقصد کے لئے اساتذہ کو جدید تعلیمی وسائل اور پیشہ وارانہ تربیت کے مواقع فراہم کرنا ناگزیر ہے۔قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ ڈیجیٹل دور میں اساتذہ کو جدید ٹیکنالوجی اور نئے تعلیمی رجحانات سے ہم آہنگ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، معیاری تعلیم کے فروغ کے لئے اساتذہ کی استعدادِ کار میں اضافہ کیا جانا چاہئے۔انہوں نے کہا کہ اساتذہ کی فلاح و بہبود اور ان کے مسائل کا ازالہ قومی ذمہ داری ہے جبکہ انہیں معاشرے میں باعزت اور سازگار ماحول فراہم کیا جانا چاہئے۔سیدال خان ناصر نے کہا کہ ملک بھر کے اساتذہ کی تعلیمی اور قومی خدمات قابلِ تحسین ہیں، اساتذہ کی محنت، عزم اور لگن پاکستان کے روشن اور بہتر مستقبل کی بنیاد ہے۔

بقیہ 21 سحر

ات کی مالیت 74.4 فیصد اضافے کے ساتھ 125.4 ملین ڈالر تک پہنچ گئی، جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں 71.9 ملین ڈالر تھی۔انہوں نے پیر کو اپنے بیان میں کہا کہ برآمدات سے آمدن میں اضافہ سمندری ماہی گیری کے شعبے کی بڑھتی ہوئی معاشی اہمیت اور ملکی بلیو اکانومی میں اس کے کردار کو ظاہر کرتا ہے۔وفاقی وزیر کے مطابق گزشتہ تین سال کے دوران برآمدات کے حجم میں بھی 74.8 فیصد اضافہ ہوا۔پہلی سہ ماہی 2023-24 میں مچھلی اور سمندری مصنوعات کی برآمدات 35,294 میٹرک ٹن تھیں

بقیہ 22 سحر

نے میں بھی مدد ملتی ہے۔پیر کو سماجی رابطہ کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں ملکی برآمدات میں 10.8 فیصد اضافہ اور ستمبر میں برآمدات میں سالانہ بنیادوں پر 17.6 فیصد کا نمایاں اضافہ ہوا ہے۔جولائی تا ستمبر 2026 کے دوران ملکی اشیا کی برآمدات کا حجم 8.42 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے دوران 7.60 ارب ڈالر کے مقابلے میں تقریباً 82 کروڑ ڈالر زیادہ ہے۔ستمبر 2026 میں ملکی برآمدات 2.94 ارب ڈالر رہیں جو گزشتہ سال ستمبر میں 2.50 ارب ڈالر کے مقابلے میں 17.6 فیصد زیادہ ہیں۔اگست 2026 میں 2.53 ارب ڈالر کی برآمدات کے مقابلے میں ستمبر میں ماہانہ بنیادوں پر بھی برآمدات میں 16.1 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ پہلی سہ ماہی میں برآمدات میں اضافہ مختلف اہم شعبوں کی بہتر کارکردگی سے ہوا ہے اس عرصے کے دوران زرعی و غذائی مصنوعات کی برآمدات میں سالانہ بنیادوں پر 23 فیصد، مینوفیکچرنگ، کان کنی اور توانائی کے شعبوں میں 17 فیصد جبکہ ٹیکسٹائل اور ملبوسات کی برآمدات میں 6 فیصد اضافہ ہوا۔ستمبر میں زرعی و غذائی مصنوعات کی برآمدات میں سالانہ بنیادوں پر 62 فیصد کا نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا جبکہ مینوفیکچرنگ کے شعبے کی برآمدات میں ماہانہ بنیادوں پر 35 فیصد اضافہ ہوا۔انہوں نے کہا کہ ستمبر میں برآمدات کی شرح نمو درآمدات کے مقابلے میں زیادہ رہی، جس سے بیرونی تجارت کے شعبے میں برآمدی سرگرمیوں کے مضبوط ہونے کی عکاسی ہو رہی ہے۔خرم شہزاد نے کہا کہ برآمدات میں مسلسل اضافہ ملک کے لیے خوش آئند امر ہے کیونکہ اس سے نہ صرف زرمبادلہ کی آمدنی میں اضافہ ہو رہا ہے بلکہ معیشت کو برآمدات پر مبنی اور پائیدار ترقی کی جانب گامزن کرنے میں بھی مدد مل رہی

بقیہ 23 سحر

؟ نیشنل ایکشن پلان پر عمل سے کون سے پالیسی روک رہی ہے؟ ایپکس کمیٹی میٹنگز بلانے سے کونسی پالیسی روک رہی ہے؟ دوسرا سوال یہ ہے کہ دہشت گرد کو دہشت گرد کہنا، افغانستان سے آنے والے دہشت گردوں کی مذمت کرنا، پاک فوج اور عوام پر حملوں کے خلاف کھل کر افواج کے ساتھ کھڑا ہونے کے لئے آپ کو کس پالیسی کی ضرورت ہے؟ تیسرا سوال یہ کہ حالیہ دنوں میں افغانستان کی جانب سے کوہاٹ میں ڈرون حملے کیے گئے، آپ کی صوبائی حکومت نے ان حملوں کی کھل کر مذمت کیوں نہیں کی؟ کونسی پالیسی آپ کو روکتی رہی؟ چوتھی بات یہ ہے کہ افغان سرزمین سے پاکستان کی سرحدی چوکیوں اور فوجی جوانوں پر فائرنگ ہوتی ہے، دراندازی ہوتی ہے اور دہشت گردوں کی براہِ راست یا بالواسطہ معاونت کی جاتی ہے۔

بقیہ 24 سحر

دعائیہ تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا۔آٹھ اکتوبر 2005ء کو جنوبی ایشیاء کے ممالک بھارت اور افغانستان سمیت پاکستان کے علاقوں بالاکوٹ، آزاد کشمیر میں بھی خوفناک زلزلہ آیا تھا جس سے ہزاروں افراد جاں بحق جبکہ لاکھوں لوگ بے گھر ہوگئے تھے یہ زلزلہ پاکستان کی تاریخ میں اب تک کی قدرتی آفات میں سب سے بڑی آفت تھی۔اس دن کے حوالے سے سماجی تنظیموں کی جانب سے مختلف تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس میں مقررین قدرتی آفات سے بچاؤ کے طریقوں کے متعلق آگاہی فراہم کریں گے جبکہ زلزلہ میں شہید افراد کی مغفرت کیلئے دعائیہ تقریبات کا بھی اہتمام کیا جائے گا۔ٹھٹھہ صادق آباد (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں کپاس کا عالمی دن 7 اکتوبر بدھ کو منایا جائے گا اس دن کے حوالے سے ملک بھر میں محکمہ زراعت کے زیر اہتمام مختلف تقریبات کا اہتمام کیا جائے جن میں مقررین کپاس کے متعلق کاشتکاروں کو آگاہی فراہم کریں گے۔کپاس کا عالمی دن منانے کا مقصد، کپاس کے بارے میں آگاہی پھیلانا ہے۔کپاس پاکستان کی سب سے اہم نقد آور فصل ہے اور کپاس کی برآمدات ملک کی تمام زرمبادلہ کی کمائی کا 55 فیصد ہیں۔کپاس ایک عالمی اجناس ہے جو 5 براعظموں کے 75 سے زائد ممالک میں اگائی جاتی ہے۔پاکستان کے کسانوں نے اپنی محنت اور لگن سے ملک کو کپاس کی پیداوار میں دنیا میں سرفہرست مقام دلایا ہے۔کپاس بہت سے دیہی چھوٹے ہولڈرز اور مزدوروں بشمول خواتین کے لیے روزی روٹی اور آمدنی کا ایک بڑا ذریعہ ہے، جو دنیا کے غریب ترین دیہی علاقوں میں سے کچھ کو روزگار اور آمدنی فراہم کرتی

بقیہ 25 سحر

ل و کشمیر میں بھارتی فورسز نے مختلف علاقوں میں محاصرے اور تلاشی کی کارروائیوں کا سلسلہ تیز اور اور پابندیاں مزید سخت کردی ہیں ۔کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بھارتی فوج، پیرا ملٹری فورسز اور پولیس کے افسر کنٹرول لائن سمیت حساس علاقوں میں آپریشنل تیاریوں ، انٹیلی جنس شیئرنگ اور دیگر انتظامات کا مسلسل جائزہ لے رہے ہیں۔

بقیہ 26 سحر

نے ویٹی کن سے یہ سوال زیرِ غور لانے کی کوشش کی کہ آیا جدید مصنوعی ذہانت کے نظام مستقبل میں شعور یا خود آگاہی حاصل کر سکتے ہیں تاہم پوپ لیو چہاردہم نے اس امکان کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ مصنوعی ذہانت انسانی تجربات اور احساسات نہیں رکھتی۔امریکی اخبار کی ایک نئی رپورٹ کے مطابق اینتھروپک دنیا بھر کے مذہبی ماہرین کے ساتھ خفیہ ملاقاتوں میں مصنوعی ذہانت کے ممکنہ شعور پر غور کرنے کے لیے انہیں قائل کرنے کی کوشش کرتی رہی ہے، ان ملاقاتوں میں رازداری کے معاہدے بھی کیے گئے۔رپورٹ کے مطابق کلاڈ ٹامی مصنوعی ذہانت کے شریک بانی اور سینئر محقق کرسٹوفر اولاہ نے پوپ لیو چہاردہم کے مصنوعی ذہانت سے متعلق موقف سامنے آنے کے بعد ویٹی کن سے اس معاملے پر سنجیدگی سے غور کرنے کی درخواست کی تاہم ان کی کوشش کامیاب نہ ہوسکی۔رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ پوپ لیو چہاردہم نے اپنے مذہبی دستاویز میں کہا کہ مصنوعی ذہانت کے نظام تجربات سے نہیں گزرتے، ان کا جسم نہیں ہوتا، وہ خوشی یا درد محسوس نہیں کرتے اور نہ ہی رشتوں کے ذریعے انسانی انداز میں پختہ ہوتے ہیں۔ان کے مطابق مصنوعی ذہانت محبت، کام، دوستی اور ذمے داری کے مفہوم کو اندرونی طور پر نہیں جان

بقیہ 27 سحر

یب لاپتہ ہونے والی ایئر ایمبولینس کا ملبہ مل گیا جس میں سوار تمام 6 افراد کے ہلاک ہونے کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔امریکی کوسٹ گارڈ نے طیارے کی تلاش اور امدادی کارروائیاں ختم کر دیں۔امریکی حکام کے مطابق ایئر ایمبولینس برمودا سے بوسٹن جاتے ہوئے لاپتہ ہوئی تھی جس میں 4 کینیڈین اور 2 برمودین شہری سوار تھے۔طیارے میں 2 پائلٹ، 2 طبی اہلکار، ایک مریض اور اس کا ایک رشتہ دار موجود تھا۔طیارے کا ملبہ سمندر سے مل گیا۔امریکی وفاقی ہوابازی انتظامیہ کے مطابق طیارے سے مقامی وقت کے مطابق ہفتے کی صبح رابطہ منقطع ہوا تھا، ریڈیو رابطے کے دوران پائلٹ اور فضائی ٹریفک کنٹرولر کے درمیان مواصلاتی مسائل بھی سامنے آئے تھے تاہم بعد میں کنٹرولر نے تصدیق کی کہ پائلٹ نے ہنگامی صورتِ حال کا اعلان کیا تھا۔حکام کے مطابق حادثے کی وجوہات جاننے کے لیے تحقیقات جاری

بقیہ 28 سحر

کا استعمال نہیں کیا جائے گا، عدالت نے یہ بھی قرار دیا تھا کہ پرامن احتجاج آئینی حق ہے، تاہم اسلحہ ساتھ لانے کی اجازت نہیں۔انٹیلیجنس ذرائع کے مطابق سوشل اور ڈیجیٹل میڈیا پر گردش کرنے والی تصاویر میں پی ٹی آئی لانگ مارچ کے شرکاء ہیلمٹ میں سالٹ رائفلز سے لیس مسلح افراد موجود ہیں۔انٹیلیجنس ذرائع کے مطابق تصویر میں ہتھیار کے ساتھ نظر آنے والے افراد میں سے ایک کی شناخت خارجی گل بہادر گروپ کے اہلکار خارجی شہید اللہ عرف غازی کے طور پر ہوئی ہے، خارجی شہید اللہ عرف غازی مکین کا رہائشی ہے اور متعدد دہشت گرد حملوں میں حصہ لے چکا ہے۔انٹیلیجنس ذرائع کے مطابق مارچ کی آڑ میں چھپے دوسرے دہشت گردوں کی نشاندہی کا عمل بھی جاری ہے۔

بقیہ 29 سحر

یل المدنی شراکت داری کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا کہ وفاقی آنکولوجی منصوبہ سرکاری و نجی شعبے کے موثر تعاون کی ایک اہم مثال ہے، اس شراکت داری کو مزید وسعت د

کے پی حکومت خود صوبے میں آئینی اقدام اٹھانے پر مجبور کر رہی ہے

عظمیٰ بخاری

جب صوبے میں امن وامان اور روزگار نہیں ہوگا تو وہاں کے لوگ امن اور روزگار کیلئے دوسرے صوبوں کا رخ کریں گے

خیبر پختونخوا حکومت خود صوبے میں آئینی اقدام اٹھانے پر مجبور کر رہی ہے، خیبر پختونخوا کے لوگوں کو کسی صورت بھی دہشتگردوں اور جتھوں کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑا جاسکتا

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا حکومت خود صوبے میں آئینی اقدام اٹھانے پر مجبور کر رہی ہے۔ اپنے بیان میں صوبائی وزیر عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا دہشتگردی کی زد میں ہے اور صوبے کا وزیراعلیٰ کنٹینر پر چڑھا ہے، 13 سال سے خیبر پختونخوا کی قسمت میں دھرنے، جلسے، ریلیاں اور لانگ مارچ ہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب صوبے میں (بقیہ نمبر 49)

عمران خان نے زندگی کی 74 بہاریں دیکھ لیں

کیک کاٹنے کی تقریبات میں درازی عمر، جلد رہائی کیلئے خصوصی دعائیں مانگی گئیں

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے بانی چیئرمین، سابق وزیراعظم عمران خان نے زندگی کی 74 بہاریں دیکھ لیں۔ عمران خان 5 اکتوبر 1952 کو لاہور میں پیدا ہوئے۔ عمران خان نے 1996 میں پاکستان تحریک انصاف کی بنیاد رکھی اور 2018 کے عام انتخابات کے بعد پاکستان کے 22ویں وزیراعظم منتخب ہوئے۔ وہ اگست 2018 سے اپریل 2022 تک وزیراعظم کے منصب پر فائز رہے۔ پاکستان تحریک انصاف کے رہنماؤں اور کارکنوں کی جانب سے پارٹی کے بانی چیئرمین کی سالگرہ کے سلسلہ میں کیک کاٹنے کی تقریبات منعقد کی گئیں جس میں عمران خان کی درازی عمر اور جیل سے جلد رہائی کے لئے خصوصی دعائیں مانگی گئیں۔

سیکیورٹی فورسز کا ڈیرہ اسماعیل خان میں آپریشن 3 دہشتگرد جہنم واصل

خیبر پختونخوا میں سیکیورٹی فورسز کی عزم استحکام ویژن کے تحت فتنہ الخوارج کے خلاف مؤثر کارروائیاں جاری ہیں۔

سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں دہشتگردوں کے نیٹ ورکس کو کمزور کرنے میں مؤثر ثابت ہورہی ہیں، سیکیورٹی ذرائع

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا میں سیکیورٹی فورسز کی عزم استحکام ویژن کے تحت فتنہ الخوارج کے خلاف مؤثر کارروائیاں جاری ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے ڈیرہ اسماعیل خان میں خفیہ اطلاعات پر آپریشن کرتے ہوئے 3 خارجی دہشتگرد جہنم واصل کر دیئے۔ سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں دہشتگردوں کے نیٹ ورکس کو کمزور کرنے میں مؤثر ثابت ہورہی ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق (بقیہ نمبر 50)

کوڑا ٹیکس وصولی یقینی بنانے کیلئے نئی شرائط عائد کر دی گئیں

ادائیگی تک این او سی جاری نہیں کیا جائے گا، قبل ازیں صرف پراپرٹی ٹیکس کی کلیئرنس تک محدود تھا

لاہور (این این آئی) کوڑا ٹیکس کی وصولی یقینی بنانے کے لئے شہریوں کے لئے نئی شرائط عائد کر دی گئیں، ادائیگی تک این او سی جاری نہیں کیا جائے گا، قبل ازیں این او سی صرف پراپرٹی ٹیکس کی کلیئرنس تک محدود تھا۔ کوڑا ٹیکس کی وصولی کا ٹاسک ملنے کے بعد محکمہ ایکسائز نے سینی ٹیشن فیس کی ادائیگی بھی یقینی بنانے کا فیصلہ

کیا خصوصی بچوں کی تعلیم بھی ذاتی رنجشوں کی نذر؟

آٹزم یونٹ میں اس وقت صرف تین اساتذہ خدمات انجام دے رہے ہیں،

لالہ موسیٰ (این این آئی) آٹزم یونٹ میں اس وقت صرف تین اساتذہ خدمات انجام دے رہے ہیں، جن میں مبینہ طور پر صرف مس عمارہ نوشین کے پاس PGD Autism کی متعلقہ qualification موجود ہے۔ ذرائع کے مطابق مس عمارہ نوشین کی ڈیوٹی فیصل آباد آٹزم یونٹ میں باقاعدہ سرکاری حکم کے تحت تھی، تاہم 2 اکتوبر 2026 کو DEO Special Education فیصل آباد نے سابقہ ڈیوٹی آرڈر واپس لیتے ہوئے

اسلام کوٹ: چیئرمین پی پی پی بلاول بھٹو زرداری کو تھر بلاک ٹو کے فیز 3 بارے بریفنگ دی جارہی ہے

عمران خان دنیا میں سب سے زیادہ زیر بحث قیدی ہیں، اسد عمر

لاہور (این این آئی) سابق وزیر خزانہ اسد عمر نے تحریک انصاف کے بانی چیئرمین عمران خان کی سالگرہ پر اپنے بیان میں کہا کہ 20 سال کی عمر میں ٹیسٹ کرکٹر، چالیس سال کی عمر میں ورلڈ کپ جیتنے والے کپتان اور تاریخ کے عظیم ترین کھلاڑیوں میں سے ایک، پچاس سال کی عمر میں کینسر ہسپتال بنایا

سرگودھا، 50 سالہ خاتون میانوالی ایکسپریس ٹرین کی زد میں آ کر جاں بحق

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا شہر کے قریب ریلوے لائن عبور کرتے ہوئے 50 سالہ خاتون میانوالی ایکسپریس ٹرین کی زد میں آ کر جاں بحق جس کی نعش کو ریسکیو کر کے ہسپتال منتقل کر دیا گیا اور پولیس مصروف تفتیش ہے۔

پپلاں، نامعلوم چور گھر میں کھڑی موٹر سائیکل لے اڑے

میانوالی (این این آئی) موٹر سائیکل گھر میں بھی محفوظ نہیں رہے، تفصیلات کے مطابق میانوالی کی تحصیل پپلاں میں موٹر سائیکل ہنڈا 125 گھر کے اندر چارپائی کے ساتھ کھڑی تھی کہ رات کے وقت ماں بیٹے سوتے ہوئے گھر کے اندر سے نامعلوم چور موٹر سائیکل لے اڑے، خاتون کی مدعیت میں نامعلوم موٹر سائیکل چوروں کے خلاف پپلاں پولیس نے ایف آئی آر درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔

میانوالی کے علاقہ چکڑالہ میں نماز تہجد کے لیے مسجد میں جاتے ہوئے بزرگ کو قتل کر دیا گیا

میانوالی (این این آئی) میانوالی کے علاقہ چکڑالہ میں نماز تہجد کے لیے مسجد میں جاتے ہوئے ایک بزرگ کو نامعلوم افراد نے قتل کر دیا ہے، مقتول کی کسی کیساتھ کوئی دشمنی نہیں تھی ایف آئی آر ابھی نامعلوم افراد کے خلاف درج کی گ ء ہے، کچھ بندوں کو شک کی بنا پر پولیس نے حراست میں لیا۔

ریاست مخالف پروپیگنڈے کے خلاف این سی سی آئی اے کے خصوصی یونٹس قائم

سائبر سپیس کی نگرانی کے لیے تمام ریجنز میں سائبر پٹرولنگ یونٹس بھی فعال کر دیئے گئے

لاہور (این این آئی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی نے ریاست مخالف پروپیگنڈے اور جعلی خبروں کی روک تھام کے لیے خصوصی یونٹس قائم کر دیئے ہیں، جبکہ سائبر سپیس کی نگرانی کے لیے تمام ریجنز میں سائبر پٹرولنگ یونٹس بھی فعال کر دیئے گئے۔ این سی سی آئی اے کے ترجمان کے مطابق ادارے کے ڈائریکٹر جنرل سید علی ناصر رضوی نے پنجاب کے تمام سرکلز کے 5 روزہ دورے کے دوران رپورٹنگ سینٹرز، تھانوں اور دفاتر کا معائنہ کیا اور 500 سے زائد شکایت کنندگان سے براہ راست ملاقاتیں کیں۔ ڈی جی این سی سی آئی اے نے ہدایت کی کہ شکایات کے اندراج اور تصدیق کا نظام مزید عوام دوست بنایا جائے اور شہریوں کو بروقت انصاف کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔

کراچی: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

خواتین اور بچوں کے لیے لاہور کو محفوظ ترین شہر بنانا ہمارا عزم ہے، سی پی او لاہور

ورچوئل وویمن پولیس اسٹیشن خواتین کو تحفظ، انصاف اور قانونی رہنمائی کی فراہمی کا مؤثر ذریعہ ہے، بلال صدیق کمیانہ

خواتین کی شکایات پر فوری رسپانس اور بروقت قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جائے تاکہ صنفی جرائم، ہراسانی اور تشدد کا شکار خواتین کو فوری ریلیف فراہم کیا جا سکے

لاہور (کرائم رپورٹر) سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے کہا ہے کہ خواتین اور بچوں کے لیے لاہور کو محفوظ ترین شہر بنانا ہمارا عزم ہے، پولیس خواتین اور بچوں کے خلاف ہونے والے جرائم پر زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عمل پیرا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ورچوئل وویمن پولیس اسٹیشن خواتین کو تحفظ، قانونی رہنمائی اور انصاف تک بلا تاخیر رسائی فراہم کر رہا ہے۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ خوا (بقیہ نمبر 40)

سڑکوں، فٹ پاتھوں اور سرکاری اراضی پر قائم تجاوزات کسی صورت برداشت نہیں کی جائیں گی، ڈپٹی کمشنر قصور

ڈپٹی کمشنر کی گرین بیلٹس کی مناسب دیکھ بھال، پودوں کی حفاظت اور شہری علاقوں کی خوبصورتی برقرار رکھنے پر بھی خصوصی توجہ دینے کی ہدایت

قصور (این این آئی) ضلع قصور میں شہری سہولیات کی بہتری، صفائی ستھرائی، انفراسٹرکچر کی بحالی اور عوامی مسائل کے فوری حل کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر قصور محمد آصف رضا کی زیر صدارت کارکردگی جانچنے کا اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکموں کی جانب سے جاری اقدامات اور کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

نارووال: وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال پبلک سکول میں طلبہ کی بنائی گئی پینٹنگز کا معائنہ کرتے ہوئے

سرگودھا، پانچ کروڑ روپے سے زائد کی ڈکیتی والے ملزمان کی ضمانت منظور

پانچ کروڑ سے زائد مالیت کا 97 تولہ سونا خواتین کے 10 تولے طلائی زیورات لوٹ لئے

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں عدالت نے پانچ کروڑ روپے سے زائد کی ڈکیتی میں ملوث دو ملزمان کی درخواست ضمانت منظور کرتے ہوئے جیل سے رہائی کا حکم دے دیا۔ زرائع کے مطابق سرگودھا شہر کے تھانہ سٹی میں 25-09-24 کو درج مقدمہ ڈکیتی زیر دفعہ 395 ت پ میں ملوث تین ملزمان فیصل، فرقان اور پرویز خان پر الزام ہے

سعودی عرب خطے میں امن واستحکام کے لیے اہم کردار ادا کر رہا ہے، حاجی نذیر احمد

سعودی عرب کی سلامتی، خودمختاری اور شہریوں ومقدس مقامات کا تحفظ انتہائی اہم ہے

کمالیہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن اوورسیز سعودی عرب کے رہنما حاجی نذیر احمد نے سعودی عرب میں حوثی حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سعودی عرب کی سلامتی، خودمختاری اور شہریوں ومقدس مقامات کا تحفظ انتہائی اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب خطے میں امن واستحکام کے لیے اہم کردار ادا کر رہا ہے

لاہور: صوبائی وزیر سیاحت اور ہندو متی سرچم پنجاب، مسلمان گٹھ کا کارکن بھی مارا، لارڈز میں 15 ویں دن پہلی ریلی کیمپوں کے دوران کیسر یکیوں کے امرا کو ٹرگپ ڈان کر رہے ہیں

رینیو اہداف کے حصول کو یقینی بنایا جائے، سرگودھا میں رینیو افسران کو حکم

کسی سستی اور غفلت کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا اس لیے افسران فیلڈ میں موثر اقدامات کو یقینی بنائیں

سرگودھا (این این آئی) سرگودہا میں رینیو افسران کو حکم دیا گیا کہ رینیو اہداف کے حصول کو یقینی بنایا جائے جس میں کسی سستی اور غفلت کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا اس لیے افسران فیلڈ میں موثر اقدامات کو یقینی بنائیں۔ زرائع کے مطابق کمشنر حافظ شوکت نے رینیو اقدامات پر پیش رفت، PULSE پراجیکٹ، گرین پراپرٹی سرٹیفکیٹس، اپنا کھیت اپنا روزگار پروگرام، پنجاب لینڈ رینیو آرڈیننس 2026 کے تحت موصولہ درخواستوں کے نمٹانے میں پیش رفت، مواضعات کی ڈیجیٹلائزیشن، کھیوٹ سے متعلق مسائل، انتقالات کے معاملات اور دفاتر میں eFOAS کے نفاذ سمیت دیگر اہم امور کے جائزہ اجلاس میں سرکاری واجبات کی وصولی کے مقررہ اہداف کے حصول کے لیے سخت اقدامات کا حکم دیا

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹس پروگرام روبینہ خالد ملاقات کرتے ہوئے

جعلی میڈیکل بلنگ سروس کی آڑ میں غیر قانونی کال سینٹر کیخلاف کارروائی، 38 افراد گرفتار

کارروائی کے دوران غیر قانونی کال سینٹر سے اہم شواہد اور سامان قبضے میں لے لیا گیا

لاہور (این این آئی) ایڈیشنل ڈائریکٹر لاہور زون عاطف امیر کی نگرانی میں جعلی میڈیکل بلنگ سروس کی آڑ میں قائم غیر قانونی کال سینٹر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 38 افراد کو گرفتار کر لیا گیا۔ کارروائی کے دوران غیر قانونی کال سینٹر سے اہم شواہد اور سامان قبضے میں لے لیا گیا، جن میں 24 کمپیوٹر، 7 لیپ ٹاپ اور 42 موبائل فون شامل ہیں، کارروائی کے دوران کیا اسپورٹیج، کیا پیکانٹو اور ہونڈا سوک سمیت تین گاڑیاں بھی تحویل میں لے لی گئیں۔ حکام کے مطابق کال سینٹر سے کینیڈا سے متعلق مویبلٹی مہم کے نام پر بین الاقوامی شہریوں سے رابطے کیے جاتے تھے، ملزمان مبینہ طور پر غیر ملکی شہریوں کو جعلی تشہیری اور پروموشنل پیشکشوں کے ذریعے نشانہ بناتے۔

ہسپتالوں کے باہر تجاوزات اور رانگ پارکنگ ختم کرنے کا حکم

ہسپتالوں کی ایمرجنسی روڈز اور گیٹس ہر صورت کلیئر رکھے جائیں، سی ٹی او

لاہور (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر لاہور سید عبدالرحیم شیرازی نے شہر کے ہسپتالوں کے باہر تجاوزات، ریڑھیوں، رکشہ اسٹینڈز اور رانگ پارکنگ کے خلاف کارروائی کا حکم دے دیا۔ سی ٹی او نے ڈویژنل اور سرکل افسران کو ہسپتالوں کے باہر ٹریفک انتظامات کا جائزہ لینے اور ہسپتال انتظامیہ کے ساتھ مل کر ٹریفک مسائل ختم کرنے کی ہدایت کی ہے۔

وکیل پر تشدد کے خلاف دہلی کی عدالت میں وکلا کی ہڑتال، عدالت کے احاطے میں پولیس کے داخلے پر پابندی

معاملہ جوائنٹ کمشنر پولیس، ڈپٹی کمشنر پولیس شمال مغربی ضلع اور پرنسپل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشنز جج شمال مغربی ضلع کے سامنے اٹھایا گیا ہے

نئی دہلی (این این آئی) دہلی کی عدالتوں میں وکلا نے پولیس اسٹیشن میں ایک وکیل کے ساتھ بدسلوکی اور جسمانی تشدد کے خلاف آج مکمل ہڑتال کی، جبکہ روہنی کورٹ بار ایسوسی ایشن نے پولیس اہلکاروں کے عدالت کے احاطے میں داخلے پر پابندی عائد کر دی ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق یہ احتجاج 29 ستمبر کو مہندر پارک پولیس اسٹیشن میں ایڈووکیٹ کمل دیپ پر مبینہ تشدد کے خلاف کیا جا رہا ہے۔ بار ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ ملوث پولیس اہلکاروں کے خلاف کارروائی کرنے کے بجائے وکیل کے خلاف ہی مقدمہ درج کر دیا گیا۔ بار ایسوسی ایشن کی ایگزیکٹو کمیٹی نے معاملہ جوائنٹ کمشنر پولیس، ڈپٹی کمشنر پولیس شمال مغربی ضلع اور پرنسپل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشنز جج شمال مغربی ضلع کے سامنے اٹھایا۔

بدوملہی ٹول پلازہ عوام پر بوجھ بن گیا، خستہ حال سڑک پر ٹول وصولی کیوں؟

مریدکے کا ٹول پلازہ ختم، بدوملہی کے شہریوں سے امتیازی سلوک کب تک؟

دستی پرچی کے نظام پر بھی سوالات، حکام سے فوری کارروائی کا مطالبہ

بدوملہی (این این آئی) بدوملہی ٹول پلازہ کے خلاف عوامی غم وغصہ بڑھنے لگا، شہریوں نے خستہ حال بدوملہیا روال روڈ پر مسلسل ٹول وصولی پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے حکام بالا سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا۔ بدوملہی پریس کلب نے عوامی آواز بلند کرتے ہوئے سوال اٹھایا ہے کہ اگر مریدکے کے ٹول پلازہ کو ختم کیا جا سکتا ہے تو بدوملہی کے شہریوں سے ٹول وصولی کا سلسلہ اب تک کیوں جاری ہے؟ عوام کے مطابق ایک طرف سڑک جگہ جگہ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے، گڑھے حادثات کا سبب بن رہے ہیں اور دوسری جانب ٹول کی وصولی بدستور جاری ہے۔ پریس کلب کا کہنا ہے کہ خستہ حال سڑک اور مسلسل ٹول وصولی نے عوام کے صبر کا پیمانہ لبریز کر دیا ہے۔ شہریوں کا مطالبہ ہے کہ ٹول وصولی کی قانونی حیثیت، اس کی منظوری اور حاصل ہونے والی آمدن کے استعمال کی مکمل تفصیلات عوام کے سامنے لائی جائیں۔ دستی پرچی کے نظام پر بھی سوالات اٹھاتے ہوئے

مقبوضہ جموں وکشمیر میں مختلف حادثات میں پانچ افراد جاں بحق

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں مختلف حادثات میں پانچ افراد جاں بحق ہوگئے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بارہمولہ کے علاقے سنگری بائی پاس پر تعمیراتی کام کے دوران ایک ٹریکٹر الٹنے سے دو مزدور جاں بحق جبکہ ایک زخمی ہوگیا۔

کھوئی رٹہ اور گردونواح میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ معمول بن گئی کاروبار زندگی متاثر

دھناں (این این آئی) کھوئی رٹہ اور گرد و نواح میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ معمول بن گئی کاروبار زندگی متاثر بجلی کی بار بار آنکھ مچولی سے ٹرانسفارمرز کے فیوز اُڑ جاتے ہیں برقیات کا عملہ کم ہونے کے باعث کئی کئی گھنٹے بجلی خراب رہتی ہے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے عوامی حلقوں کا نوٹس لینے کا مطالبہ۔

ذہنی صحت سے آگاہی کا عالمی دن 10 اکتوبر کو منایا جائے گا

جہانیاں (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں ذہنی صحت سے آگاہی کا عالمی دن 10 اکتوبر کو منایا جائے گا جس کا مقصد عوام میں ذہنی صحت کی ضرورت واہمیت بارے شعور وآگاہی پیدا کرنا ہے اس موقع پر محکمہ صحت اور سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام سیمینارز اور مختلف تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا۔

دنیا بھر میں بینائی کا عالمی دن 8 اکتوبر کو منایا جائے گا

ٹھٹھہ صادق آباد (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں بینائی کا عالمی دن 8 اکتوبر کو منایا جائے گا۔ بینائی کا عالمی دن ہر سال اکتوبر کی دوسری جمعرات کو منایا جاتا ہے اس دن کے منانے کا مقصد نابینا پن کی وجوہات اور بینائی کی کمی، آنکھوں کی مختلف بیماریوں سے متعلق آگاہی۔

فیکٹریوں میں انسانوں کے بعد روبوٹس کا راج، دنیا بھر میں تعداد 50 لاکھ سے بڑھ گئی

فعال صنعتی روبوٹس کی تعداد سالانہ بنیاد پر 9 فیصد بڑھی، چین نے صنعتی روبوٹس کی تنصیب میں نمایاں برتری برقرار رکھی

چینی کمپنیوں نے صنعتی روبوٹ مارکیٹ کا 55 فیصد حصہ حاصل کیا، امریکہ 38 ہزار 500 نئے روبوٹس کی تنصیب کیساتھ دوسرے نمبر پر

لاہور (این این آئی) مصنوعی ذہانت کے بڑھتے استعمال اور سپلائی چین کی تنظیم نو کے باعث دنیا بھر میں فیکٹری آٹومیشن میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، عالمی سطح پر فعال صنعتی روبوٹس کی تعداد گزشتہ سال 50 لاکھ سے تجاوز کر گئی۔ بین الاقوامی فیڈریشن آف روبوٹکس کی رپورٹ کے مطابق فعال صنعتی روبوٹس کی تعداد سالانہ بنیاد پر 9 فیصد بڑھی، جبکہ دنیا بھر میں نئے روبوٹس کی تنصیب 11 فیصد اضافے سے 6 لاکھ سے زیادہ یونٹس تک پہنچ گئی۔ رپورٹ کے مطابق چین نے صنعتی روبوٹس کی تنصیب میں نمایاں برتری برقرار رکھی

لاہور: مومن پورہ کی رہائشی خاتون پلے کارڈ اٹھائے پریس کلب کے باہر احتجاج کرتے ہوئے

پتنگ کی ڈور پھرنے سے ایک اور شہری زخمی، ڈی آئی جی آپریشنز نے نوٹس لے لیا

ماہ ستمبر کے دوران سول لائنز ڈویژن میں پتنگ بازی کے خلاف 40 مقدمات درج

لاہور (کرائم رپورٹر) مغلپورہ فلائی اوور پر موٹر سائیکل سوار نوجوان پتنگ کی ڈور کی زد میں آ کر زخمی ہوگیا، تیز دھار ڈور گلے پر پھرنے سے نوجوان کے گلے پر معمولی زخم آیا۔ پولیس ترجمان کے مطابق زخمی شہری کی شناخت محمد حارث کے نام سے ہوئی جو مغلپورہ فلائی اوور سے گزر رہا تھا کہ لٹکتی ڈور گلے پر پھر گئی۔ حارث کو معمولی نوعیت کے زخم آئے۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے ذمہ داران کے خلاف سخت قانونی کارروائی کا حکم دے دیا ہے۔ ایس پی سول لائنز منزہ کرامت کے مطابق حکومت پنجاب کی پتنگ بازی سے متعلق ایس او پیز کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں

نارووال، آگ لگنے سے دو کمسن بھائی جھلس کر جاں بحق

تین سالہ شعبان اور چار سالہ ولید سے کھیلتے ہوئے پرالی کو آگ لگ گئی

نارووال (این این آئی) شکرگڑھ کے محلہ قاسم پورہ میں آگ لگنے سے دو کمسن بھائی جھلس کر جاں بحق ہو گئے۔ بتایا گیا ہے کہ شکرگڑھ کے علاقہ قاسم پورہ میں چھت کے اوپر دھان کی پرالی والے کمرے میں آگ لگنے سے دو کمسن بھائی تین سالہ شعبان اور چار سالہ ولید زندگی کی بازی ہار گئے۔ دونوں معصوم بچے چھت کے اوپر بنے ہوئے کمرے کے اندر پڑی ہوئی پرالی کو کھیلتے ہوئے آگ لگا بیٹھے پھر اسی میں بری طرح جھلس کر جاں بحق ہو گئے۔ افسوسناک واقعی پر گھر میں کہرام مچ گیا اور ہر آنکھ اشک بار تھی۔

فوڈ اتھارٹی کی کارروائی، 1100 کلو تیار مصالحے، مشینری ضبط

فنگس زدہ سرخ مرچ تلف، صفائی کے ناقص انتظامات پائے گئے، ڈی جی منصور احمد

لاہور (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ہدایت پر کارروائی کے دوران معروف شاپنگ مال اور مصالحہ یونٹ بند کر دیا گیا۔ کارروائی کے دوران 1100 کلو تیار مصالحے اور مشینری ضبط جبکہ فنگس زدہ سرخ مرچ تلف کر دی گئی۔

ہاتھ سے بنے قالینوں کی عالمی نمائش (آج) سے لاہور میں شروع ہوگی

مختلف ممالک سے 100 سے زائد خریدار پاکستان پہنچنا شروع ہو گئے

لاہور (این این آئی) ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی پاکستان (ٹڈیپ) اور پاکستان کارپٹ مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ہاتھ سے بنے قالینوں کی تین روزہ عالمی نمائش آج (منگل) سے لاہور کے مقامی ہوٹل میں شروع ہوگی۔ 6 سے 8 اکتوبر تک جاری رہنے والی عالمی

کرک: وزیراعلیٰ کے پی کے سہیل آفریدی لانگ مارچ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

لاہور آلودہ ترین شہروں میں پھر سرفہرست آ گیا

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں ایک بار پھر سر فہرست آ گیا۔ فضائی آلودگی کے مقامی اعداد وشمار کے مطابق گلبرگ ٹو میں آلودگی کی شرح 236، پیراگون سٹی میں 206، اقبال ٹاؤن میں 194 جبکہ برکی روڈ پر 187 ریکارڈ ہوئی۔

دنیا بھر میں اساتذہ کرام کا عالمی دن منایا گیا

لاہور (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں اساتذہ کرام کا عالمی دن منایا گیا۔ اس دن کی مناسبت سے ملک بھر میں تعلیمی اداروں میں تقریبات کا اہتمام کیا گیا جس میں اساتذہ کی عظمت کے اعتراف میں ان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ طلباء وطالبات کی جانب سے اپنے اساتذہ کو تحائف اور کارڈز بھی دیئے گئے۔

سرگودھا میں اسلحہ کلچر کیخلاف مہم میں 5 ملزمان گرفتار، مقدمات درج

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں اسلحہ کلچر کیخلاف مہم میں 5 ملزمان کو گرفتار کر کے ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے زرائع کے مطابق سرگودھا میں اسلحہ کلچر کے خلاف جاری مہم میں تھانہ عطا شہید پولیس نے ملزم محسن طارق کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 12 بور بندوق، تھانہ ساہیوال پولیس نے 2 ملزمان کو گرفتار۔

قراقرم ایکسپریس منسوخ، مسافروں کو پاک بزنس میں اکاموڈیٹ کیا گیا

لاہور (این این آئی) لاہور سے کراچی جانے والی قراقرم ایکسپریس کو منسوخ کر دیا گیا۔ ترجمان کے مطابق منسوخ ہونے والی ٹرین کے مسافروں کو پاک بزنس ایکسپریس میں اکاموڈیٹ کیا گیا۔

ایڈیٹر: رانا خالد قمر، منیجنگ ایڈیٹر: رانا مجتبیٰ
پبلشر ملک سلیم اعوان نے پوائنٹ پرنٹرز (الجریدہ) گڑھی شاہو سے چھپوا کر LDA55/S بلاک B فیصل ٹاؤن سے شائع کیا فون: 0423-5194748
E:Mail
dailysehar1@gmail.com

مرید کے، چار ماہ سے ادھورے سیوریج منصوبے عذاب بن گئے، کمیٹی بازار کھنڈر میں تبدیل

متعلقہ صوبائی محکمہ پنجاب حکومت کو جان بوجھ کر بدنام کرنے کے چکر میں رہتے ہیں، حکومت سخت نوٹس لے، شہری پھٹ پڑے

کالا شاہ کاکو (این این آئی) مرید کے احمد پورہ کمیٹی بازار کا سیوریج منصوبہ مبینہ بدانتظامی اور ٹھیکیداروں کی عدم توجہی کے باعث گزشتہ چار ماہ سے شدید التوا کا شکار ہے، جس نے علاقے کے مکینوں اور تاجروں کی زندگی اجیرن کر دی ہے۔ ذرائع کے مطابق سیوریج لائن ڈالنے کے لیے بازار کی سڑکیں اور گلیاں تو کھود دی گئیں، لیکن کام مکمل نہ ہو سکا۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ایک کے بعد ایک کئی ٹھیکیدار کام ادھورا چھوڑ کر جا چکے ہیں، جس کے باعث پورا بازار کھنڈرات کا منظر پیش کر رہا ہے۔ منصوبے کی عدم تکمیل کے باعث گلیوں اور بازار میں جگہ جگہ کھلے مین ہولز موجود ہیں جو کسی بھی وقت کسی بڑے حادثے یا جان لیوا سانحے کا سبب بن سکتے ہیں۔ سڑکوں کی خستہ حالی، دھول اور تعفن کے باعث نہ صرف عام شہریوں کی آمدورفت شدید دشوار ہو چکی ہے

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق 15 ویں نیشنل ریسکیو چیلنج 2026ء کی افتتاحی تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

تمام صوبوں میں ایمرجنسی سروسز کا قیام خوش آئند ہے، خواجہ سلمان رفیق

صوبائی وزیر ایمرجنسی سروسز نے ریسکیو ہیڈکوارٹرز میں 15 ویں نیشنل ریسکیو چیلنج 2026 کا افتتاح کیا

یہ قومی سطح کا ایونٹ ریسکیو ٹیموں کے درمیان پیشہ ورانہ تجربات کے تبادلے، باہمی رابطے، ٹیم ورک اور ایمرجنسی رسپانس کے یکساں معیار کو مزید بہتر بنانے کا اہم پلیٹ فارم ہے

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر ایمرجنسی سروسز خواجہ سلمان رفیق نے ریسکیو ہیڈکوارٹرز میں 15 ویں نیشنل ریسکیو چیلنج 2026 کا افتتاح کیا۔ اس قومی سطح کے چیلنج میں پاکستان بھر سے 14 ٹیموں نے حصہ لیا۔ ان ٹیموں میں خیبر پختونخوا سے مالاکنڈ اور پشاور، سندھ سے غازی اور شاہ لطیف، سی ڈی اے اسلام آباد، لاہور سے سرگودھا، ڈیرہ غازی خان، ملتان، ساہیوال، بہاولپور، فیصل آباد، گوجرانوالہ اور راولپنڈی (بقیہ نمبر 39)

سرکاری حج سکیم کے تحت دوسری قسط کی وصولی کا آغاز

لاہور (این این آئی) وفاقی وزارت مذہبی امور کے زیر انتظام سرکاری حج سکیم کے تحت دوسری قسط کی وصولی کا پیر کے روز سے آغاز ہوگیا۔ ترجمان وزارت مذہبی امور کے مطابق سرکاری عازمین حج دوسری قسط 5 سے 20 اکتوبر تک جمع کرا سکیں گے۔

برائلر گوشت 14 روپے کلو مہنگا

لاہور (این این آئی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت 14 روپے اضافے سے 497 روپے، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 10 روپے اضافے سے 343 روپے فی کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت 264 روپے فی درجن پر مستحکم رہی۔ اوپن مارکیٹ میں مختلف مقامات پر برائلر گوشت سرکاری نرخنامے سے 20 روپے زائد قیمت پر فروخت کیا گیا۔

دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال

لاہور (این این آئی) تربیلا، منگلا اور چشمہ کے آبی ذخائر میں پانی کی آمد واخراج، ان کی سطح اور پیراجوں میں پانی کے بہاؤ کی صورتحال حسب ذیل رہی۔ دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد 54 ہزار 700 کیوسک اور اخراج 70 ہزار کیوسک، دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام پر آمد 10 ہزار 200 کیوسک۔

لاہور: پارلیمانی سیکرٹری برائے انسانی حقوق سونیا عاشر پنجاب یونیورسٹی میں پنک ربن بریسٹ کینسر مہم کا آغاز کر رہی ہیں

خاوند کے مبینہ تشدد سے بیوی جاں بحق

گھریلو جھگڑے پر خاوند کے تشدد سے صائمہ شدید زخمی ہوئی، ہسپتال میں دم توڑ